# سائنس

## امدادی مواد

برائے

پرائمری

آئی، ایم، ڈی سی نظامت پرائمری تعلیم صوبہ سرحد پشاور

ہمارا جسم　　　　کارڈ نمبر ۱ 1

سوال ۔ چھوٹے بچے کیوں روتے ہیں ؟



ہمارا جسم　　　　کارڈ نمبر ۱ 1




جواب:- چونکہ بچے اس وقت بہت چھوٹے ہوتے ہیں اسلئے وہ بول نہیں سکتے تو وہ اپنی ضرورت ہمیں بتا نہیں سکتے اسلئے وہ رو پڑتے ہیں کہ اُن کے والدین کو اطلاع ہو جائے کہ بچے کو کسی چیز کی ضرورت ہے ۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر:۔ 2

سوال :۔ ہمارے کان دو کیوں ہیں ؟



ہمارا جسم


کارڈ نمبر:۔ 2



جواب:۔ یہ اس لئے کہ ہمیں اندازہ ہو سکے کہ آواز کس سمت سے آرہی ہے اور یہ کام ہم بغیر سر کو بغیر ادھر اُدھر ہلائے کر سکتے ہیں ۔

ہمارا جسم

کارڈ نمبر ۱۔ 3




جواب:۔ یہ میل اس گرد سے بنتا ہے جو ہمارے کانوں میں داخل ہوتی ہے اگر ہم کئی دنوں تک نہ نہائیں تو ہمارے جسم پر گرد جم جاتی ہے اور یہی گرد کانوں کے اندر میل کی صورت میں جم جاتی ہے۔

کانوں کو صاف روئی سے احتیاط کیساتھ وقتاً فوقتاً صاف کرنا چاہیئے

ہمارا جسم

کارڈ نمبر ۲۔ 3

سوال :۔ ہمارے کانوں کے اندر میل کیسے جم جاتا ہے ؟



ہمارا جسم


کارڈ نمبر 4.2

سوال :۔ ہمارے دانتوں میں سوراخ کیوں پڑ جاتے ہیں ؟



ہمارا جسم

کارڈ نمبر 4.2



جب ہم کوئی چیز کھاتے ہیں تو اس کے ذرّے دانتوں
کے درمیان چپک جاتے ہیں یہ ذرے جراثیم کو حملہ کرنے
میں مدد دیتے ہیں جراثیم انہی ذروں میں گھر بنا کر دانت
میں سوراخ کر دیتے ہیں جو بہت تکلیف کا باعث بنتا ہے
اسلئے کھانا کھانے کے بعد ہمیں دانت صاف کر لینے چاہییں ۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر:- 5

سوال :- ہمارے جسم میں کتنی ہڈیاں ہیں ؟



ہمارا جسم


کارڈ نمبر:- 5




جواب :- ہمارے جسم میں دوسو چھ ہڈیاں ہیں، ہمارے جسم کا ڈھانچہ 206 ہڈیوں پر مشتمل ہے، سب سے لمبی ہڈیاں ٹانگوں کی ہیں۔ اور سب سے چھوٹی ہڈیاں کانوں کی ہیں۔ بہت سے جانوروں کے ڈھانچے بھی انسانوں کی طرح ہی ہوتے ہیں۔

ہمارا جسم — کارڈ نمبر:۔ 6

سوال:۔ ہمیں بھوک کیوں لگتی ہے؟



ہمارا جسم — کارڈ نمبر:۔ 6




جواب:۔ ہمیں اس وقت بھوک لگتی ہے جب ہمارا معدہ خالی ہو جاتا ہے۔ جب ہم کھانا کھاتے ہیں تو ہمارا معدہ بھر جاتا ہے لیکن معدہ دوبارہ خوراک کو ہضم کر دیتا ہے جب ہمارے جسم سے ساری خوراک نکل جاتی ہے۔ تو ہمیں بھوک لگتی ہے۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر: 7

سوال :۔ کھانے کے بعد کھیلنے سے معدہ میں درد کیوں ہو جاتا ہے؟




ہمارا جسم

کارڈ نمبر: 7





جواب :۔ جب ہم کھانا کھاتے ہیں۔ تو معدہ خوراک کو ہضم کرنا شروع کر دیتا ہے اور اس عمل کے لئے آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے خون معدہ کو آکسیجن مہیا کرتا ہے اب ہم نے کھانا کھانے کے بعد کھیلنا شروع کیا۔ تو جسم کے دوسرے حصوں کو آکسیجن کی ضرورت ہو گی اور خون معدہ کو مناسب مقدار میں آکسیجن نہیں مہیا کر سکے گا اسلئے ہمارے معدہ میں درد ہو جاتا ہے۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 8

سوال:۔ صابن سے میل آسانی سے کیوں صاف ہوتی ہے؟




ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 8



جواب: بعض اوقات میل میں چکناہٹ ہوتی ہے۔ اور پانی چکنائیوں کو اپنے اندر حل نہیں کر سکتا۔ لیکن صابن میں پانی اور چکناہٹ ہر دو حل پذیر ہیں اس لئے صابن اور پانی کا محلول چکنائیوں کو صاف کر دیتا ہے۔ اور میل بھی دور ہو جاتی ہے۔

روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 9

سوال :۔ ہمیں کیوں نہانا چاہیئے ؟



روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 9



جواب :۔ ذرا سوچیں کہ اگر ہم کبھی نہ نہایئں تو ہماری کیا حالت ہوگی. تمام دن کھیلنے اور کام کاج کے بعد مٹی اور پسینہ جسم پر جم جاتا ہے نہانے سے انسان صاف اور تازہ دم ہو جاتا ہے گندہ رہنے سے انسان بیماروں کا شکار ہو جاتا ہے ۔

روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 15

سوال :۔ ہمیں اپنے دانت کیوں صاف کرنے چاہییں ؟



روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر :۔ 15



جواب :۔ کوئی بھی چیز کھانے کے بعد کھانے کے ذرے دانتوں
کے درمیان چپک جاتے ہیں۔ اور یہ ذرے خراب ہو جاتے ہیں ان
ذروں میں جراثیم پیدا ہو کر دانتوں کو گلا دیتے ہیں ہمارے دانتوں
میں تکلیف شروع ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے ہمیں کھاتے پیتے میں تکلیف
ہوتی ہے اور ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا ہے ہمیں ہر کھانا کھانے کے بعد
اپنے دانت صاف کرنا چاہییں ۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 11

سوال:۔ صابن میں پھونکیں مارنے سے بُلبلے کیوں بنتے ہیں ؟



ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 11



جواب:۔ جب ہم صابن اور پانی کے محلول میں پھونکیں ماریں۔ تو اس محلول میں بہت زیادہ بُلبلے نظر آنے لگتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صابن کی بہت باریک جھلی بن جاتی ہے۔ اور پھونکیں مارنے سے اس جھلی میں ہوا چلی جاتی ہے۔ اگر احتیاط سے پھونکیں ماری جائیں تو یہ جھلی اور پتلی ہو کر پھیلتی جاتی ہے اور بہت بڑے بُلبلے بن جاتے ہیں۔

کارڈ نمبر: 12

ہمارا جسم

سوال :۔ پانی میں ڈبوئے رکھنے یا تالاب میں نہانے کے بعد ہماری انگلیوں اور پنجوں پر جھریاں کیوں پڑ جاتی ہیں؟








کارڈ نمبر۔ 12

ہمارا جسم







جواب :۔ ہماری انگلیوں اور پنجوں کی جلد بہت موٹی اور سخت ہوتی ہے۔ زیادہ دیر تک پانی میں رہنے سے وہ اپنے اندر پانی جذب کر لیتی ہیں مگر سخت ہونے کے باعث پھیل نہیں سکتی۔ اسلئے اس میں جھریاں پڑ جاتی ہیں۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر:۔ 13

سوال:۔ لوگ موٹے کیوں ہو جاتے ہیں ؟



ہمارا جسم

کارڈ نمبر:۔ 13



بغیر چکنائی — چکنائی والی

جواب:۔ ہمیں توانائی کے لئے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاکہ ہمارا جسم مضبوط و توانا رہے۔ اب اگر ہم ضرورت سے زیادہ کھائیں گے اور ورزش نہیں کریں گے۔ تو جو خوراک ہمارے جسم کے اندر جائیگی۔ وہ وہاں پر جمع ہوگی اور یہی خوراک چربی پیدا کردیتی ہے۔ جو موٹاپے کا سبب بنتی ہے۔


ہمارا جسم — کارڈ نمبر:۔ 14

سوال:۔ ہمارا پسینہ نمکین کیوں ہوتا ہے؟



ہمارا جسم — کارڈ نمبر:۔ 14







جواب:۔ ہمارے جسم میں پانی کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے اور اسی طرح نمک بھی جسم میں موجود ہوتا ہے پسینہ پانی اور نمک کا محلول ہے اور یہی وجہ ہے کہ پسینہ نمکین ہوتا ہے اگر آپ کو بہت پسینہ آئے اور پھر پسینہ سوکھ جائے تو آپ کے جسم اور کپڑوں پر سفید سفید دھبے رہ جاتے ہیں یہ نمک ہے۔

ہمارا جسم

کارڈ نمبر:۔ 15


سوال:۔ ہم سردی سے کیوں کانپتے ہیں ؟







ہمارا جسم

کارڈ نمبر:۔ 15








جواب:۔ جب سردیوں میں ہمارے جسم کا درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے تو ہمیں سردی محسوس ہوتی ہے ۔ ہمارے پٹھے کانپنے لگتے ہیں اور اس طرح سے ہمارے جسم کو گرمی پہنچتی ہے اِسکے علاوہ سردی کے موسم میں جسم کو گرم رکھنے کیلئے ورزش اور جسم کو مختلف حرکت دینے سے جسم گرم ہو جاتا ہے ۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر:۔ 16

سوال :۔ ہم دوڑتے ہوئے ہانپتے کیوں ہیں ؟



ہمارا جسم

کارڈ نمبر:۔ 16



جواب :۔ ہم ہر وقت سانس لیتے رہتے ہیں ۔ مگر جب ہم دوڑتے ہیں تو ہمیں زیادہ ہوا کی ضرورت ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ ہم جلدی جلدی سانس لینا شروع کر دیتے ہیں ، اسی کو ہانپنا کہتے ہیں ۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر :- 17

سوال :- ہمیں ہچکی کیوں آتی ہے ؟




ہمارا جسم

کارڈ نمبر :- 17




جواب: ہمارے معدے اور سینے کے درمیان پٹھوں کا ایک سوراخ
دار پردہ ہوتا ہے عام طور پر یہ پردہ مسلسل کام کرتا رہتا ہے
مگر بعض اوقات معدہ اس سوراخ دار پردہ کو جھٹکتا ہے۔
اس جھٹکے کے عمل کو ہچکی کہتے ہیں۔ ہچکی کی کئی وجوہات ہیں۔

ہمارا جسم
کارڈ نمبر:- 18

سوال ۱. ہم جمائیاں کیوں لیتے ہیں ؟




ہمارا جسم
کارڈ نمبر:- 18



جواب:- جب ہم جسمانی اور ذہنی طور پہ تھک جاتے ہیں ۔
اور ذہن کو مناسب ہوا حاصل ہوتی تو ہم جمائی لیتے
ہیں .اور ہم منہ کھول کر بہت سی ہوا نگل لیتے ہیں ۔اس طرح
ہم جسم اور ذہن کو کچھ مزید ہوا پہنچا کر بہتر محسوس کرنے
لگتے ہیں جمائی ایک گہرا سانس لینا ہے جو ہم غیر ارادی طور
پر کرتے ہیں. مختلف جانور مثلاً بلی کتا وغیرہ بھی جمائیاں
لیتے ہیں۔

ہمارا جسم

کارڈ نمبر 1۔ 19





جواب 1۔ تمام دن ہم مختلف قسم کے کام کرتے رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہمارے ذہن سارا دن مصروف رہتے ہیں۔ رات کو ہر چیز خاموش ہو جاتی ہے اور ہمارے ذہن بھی تمام دن کی مصروفیات کے بعد تھک جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہم رات کو خوب آلودہ ہو جاتے ہیں۔

ہمارا جسم


کارڈ نمبر 2۔ 19

سوال:۔ ہم رات کے وقت خواب آلودہ کیوں ہو جاتے ہیں؟




ہمارے اردگرد کی چیزیں ۔ کارڈ نمبر: 20

سوال :۔ الارم بجنے سے پیشتر ہی بعض اوقات آپ کیوں بیدار ہو جاتے ہیں ؟




ہمارے اردگرد کی چیزیں ۔ کارڈ نمبر: 20



جواب :۔ جب ہم رات کو آرام کرتے ہیں تو ہمارے جسم کا درجہ کم ہونا شروع ہو جاتا ہے، اور 4 بجے کے قریب کے قریب بہت کم ہو جاتا ہے اور پھر بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ اور 6، 7 بجے کے قریب دوبارہ نارمل ہو جاتا ہے۔ ہم سب اس وقت پوری طرح بیدار نہیں ہوتے۔ مگر نیند کا غلبہ ختم ہو جاتا ہے اور اپنے گردو پیش سے باخبر ہوتے ہیں بعض گھڑیال (ٹائم پیس) الارم سے پہلے ہلکی سی ٹِک کرتے ہیں۔ ہلکی ٹِک ہی ہمیں بیدار کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے ۔

روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 21

سوال: ہم روزانہ صبح منہ ہاتھ کیوں دھوتے ہیں؟



روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 21








جواب: صبح اُٹھتے ہی منہ ہاتھ دھونے سے ہم پوری طرح جاگ جاتے ہیں اور ہماری آنکھوں سے نیند کا اثر نکل جاتا ہے یہ ہمیں جمائیاں لینے سے بھی روکتا ہے اسی طرح ہوتے ہیں ہمارے منہ اور پاؤں پر لگا ہوا پسینہ وغیرہ بھی صاف ہو جاتا ہے اور ہم نئے دن کے لئے تازہ دم ہو جاتے ہیں۔

روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 22

سوال :۔ ہمیں اپنے گھر صاف ستھرے کیوں رکھنے چاہئیں ؟



روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 22




جواب :۔ گھروں کو صاف اس لئے رکھنا چاہیئے کہ اگر مٹی اور گندگی کسی جگہ جم جائے تو جراثیم پیدا ہو جاتے ہیں اور یہ جراثیم ہمیں مختلف بیماریوں میں مبتلا کر سکتے ہیں ۔


روزمرہ زندگی کارڈ نمبر: 23

سوال :۔ ہم سلام کیوں کرتے ہیں ؟



روزمرہ زندگی کارڈ نمبر: 23








اسلام علیکم

جواب :۔ سلام کرنا بہت ضروری ہے چلتے ہوئے لوگ بیٹھے ہوئے لوگوں کو سلام کرکے گذریں گے آمنے سامنے آنے والوں میں پہلے سلام کرنے والے کا ثواب زیادہ ہے گھر سے سکول جاتے اور واپسی پر آتے ہوئے گھر کے لوگوں کو سلام کرنا چاہیئے

روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 24

سوال :۔ سڑک پر پیدل کسطرف چلنا چاہیئے ؟



روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 24




جواب :۔ ہمیشہ سڑک کے کنارے فٹ پاتھ پر چلنا چاہیئے اور اگر فٹ پاتھ موجود نہ ہو تو سڑک کے دایئں کنارے چلنا چاہیئے تاکہ سامنے آنے والی گاڑیاں نظر آسکیں اور کسی حادثہ کا باعث نہ بنیں۔

روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 25

سوال :۔ سڑکوں پر ٹریفک کے اشاروں کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟



روزمرہ کی زندگی

کارڈ نمبر: 25




جواب :۔ جی ہاں ! سڑکوں پر گاڑیوں کا رش ہوتا ہے
اور جب دو سڑکیں ایک دوسرے کے اوپر سے گزرتی ہیں
تو ٹریفک کے اشارے اس بات میں مدد دیتے ہیں کہ کس سڑک
کی گاڑیاں پہلے گزریں اور کس کی بعد میں اسطرح ممکنہ حادثات
سے بچا جا سکتا ہے. سبز بتی گزرنے، زرد بتی احتیاط اور سرخ
بتی رُکنے کا اشارہ ہے۔

روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 26

سوال :۔ ہمیں سڑکوں پر کھیلنے سے کیوں منع کیا جاتا ہے ؟



روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 26



جواب :۔ اس لئے کہ کھیل کے دوران ہم باقی سب کچھ بھلا بیٹھتے ہیں اور اگر سڑک پر کھیل رہے ہوں تو ہو سکتا ہے کہ اپنی طرف آتی ہوئی گاڑی کو دیکھ نہ سکیں ۔ اور حادثے کا شکار ہو جائیں ۔

روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 27

سوال :۔ کھیل کے میدان میں آپ کو ہمیشہ اپنی باری کا انتظار کیوں کرنا چاہیئے ؟



روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 27




جواب :۔ مثلاً جھولا ہی لیں اگر ایک بچہ جھولے پر چڑھ بیٹھے اور نہ اترے تو دوسرا اس کو اتارنے کی کوشش کرے گا زبردستی اس طرح لڑائی بھی ہوسکتی ہے اور نتیجتاً کوئی بھی بچہ کبھی جھولا نہیں جھول سکے گا بہتر یہی ہے کہ ہر بچہ اپنی باری کا انتظار کرے اور خوشی خوشی کھیلیں ۔

روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 28

سوال ،۔ ہمیں چھوٹے بہن بھائیوں سے شفقت سے کیوں پیش آنا چاہیئے۔؟



روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 28




جواب ،۔ چھوٹے بچے وہ تمام چیزیں سمجھ نہیں پاتے جو ہم سمجھ سکتے ہیں وہ اکثر سام اپنے طریقے سے کرنے کی کوشش کرتے ہیں جب ہم چھوٹے تھے تو ہم بھی ایسا ہی کرتے تھے ہمیں چھوٹوں کے ساتھ حوصلے اور شفقت سے پیش آنا چاہیئے۔ جیسے جیسے وہ بڑھیں گے سمجھتے جائیں گے۔

روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 29

سوال :. ٹی وی کے بہت قریب کیوں نہیں بیٹھنا چاہیئے ؟



روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 29




جواب :. ٹی وی دیکھنے کے لیۓ اس کے بہت قریب بیٹھنا ہماری نظر کو نقصان پہنچا سکتا ہے آنکھیں خدا کی عظیم نعمت ہیں۔ ہمیں ان کی حفاظت کرنا چاہیئے اور دوسرا یہ کہ ٹی وی کے قریب آ بیٹھنے سے دوسرے پیچھے بیٹھے ہوئے لوگ ٹی وی نہیں دیکھ سکتے اور یہ اچھی بات نہیں ہے ۔

روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 30

سوال :۔ بس کے رُکتے ہی اُس پر چڑھنا کیوں مشکل ہوتا ہے؟



روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 30



جواب :۔ کیونکہ بس میں بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے بعض نے
اُترنا ہوتا ہے اگر ہم فوراً چڑھنا شروع کر دیں تو وہ لوگ
اتر نہ پائیں گے اور بس میں بھیڑ ہو جائے گی بہتر یہ ہے کہ ہم
لوگوں کے اترنے کا انتظار کریں اور پھر آرام کے ساتھ بعد
میں سوار ہوں۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 31

سوال:۔ روٹی کس طرح پکائی جاتی ہے؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 31




جواب:۔ روٹیاں یقیناً توے یا تنور میں پکتی ہیں۔ مگر اس سے قبل کچھ تیاری کرنی پڑتی ہے، آٹے کو پانی سے ملا کر خوب گوندھے ہوئے آٹے کو چپاتی بنا کر توے یا تنور میں پکایا جاتا ہے۔

کارڈ نمبر 32:

ہمارے اردگرد کی چیزیں ۔

سوال :۔ چاول کیسے اُگتے ہیں ؟



کارڈ نمبر 32:

ہمارے اردگرد کی چیزیں ۔




جواب: چاول کے دانے ہی چاول کا بیج ہوتے ہیں ۔
چاول کے بیج بو کر اس کی پنیری تیار کی جاتی ہے
یہ پنیری پھر پانی میں لگائی جاتی ہے۔ اس کی کاشت
بہت مشکل کام ہے، اس کا پودا گندم کی طرح
کا ہوتا ہے اس کے خوشوں سے چاول علیحدہ کئے
جاتے ہیں ۔ جو ہماری خوراک کے کام آتے ہیں ۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں ۔


کارڈ نمبر: 33

سوال :- کچے انڈے کی نسبت سخت اُبلا ہوا انڈا زیادہ تیز کیوں گھومتا ہے ؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں ۔


کارڈ نمبر: 33



جواب :- کچے انڈے کو گھمایا جائے تو گھومنے کے دوران
اسکے مائع اور ٹھوس حصے علیحدہ ہو جاتے ہیں ۔
اور جو انڈا کا توازن خراب کر دیتے ہیں ، اور یہ
جگہ گر جاتا ہے ، سخت اُبلا ہوا انڈا اندر سے ٹھوس
ہوتا ہے ، اس لئے یہ تیزی سے گھومتا ہے ۔


ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر 34

سوال ۲۔ پیالے اور پلیٹیں کسطرح بنائی جاتی ہیں ؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر 34






جواب ۲۔ اکثر پیالے۔ پیالیاں اور پلیٹیں چکنی مٹی سے بنائی جاتی ہیں۔ مٹی کو پانی میں ملا کر اچھی طرح گوندھ کر نرم کیا جاتا ہے۔ اب اس مٹی کو مناسب سانچہ میں ڈھال کر مضبوطی کے لئے آگ میں پکایا جاتا ہے۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں ۔ کارڈ نمبر: 35

سوال :- مچھلیوں کی اتنی بڑی تعداد منڈی تک کیسے پہنچتی ہے ؟



ہمارے ارد گرد کی چیزیں ۔ کارڈ نمبر 35




جواب :۔ مچھلیاں سمندروں ، جھیلوں ۔ دریاؤں اور تالابوں سے حاصل کی جاتی ہیں ، مچھیرے دور دور سے اپنا شکار لا کر ہر روز بڑی منڈیوں میں فروخت کرتے ہیں ، پھر ان بڑی منڈیوں سے مقامی مچھلی فروش چھوٹی منڈیوں میں لاتے ہیں ۔ اور اسطرح یہ مچھلیاں ہم تک پہنچتی ہیں ۔


کارڈ نمبر: 36 ہمارے ارد گرد کی چیزیں


سوال: چاکلیٹ کیسے بنایا جاتا ہے؟




کارڈ نمبر: 36 ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔










جواب: چاکلیٹ خوش ذائقہ اور مزیدار ہوتا ہے۔ یہ لوبیا سے بنتا ہے۔ لوبیا کے بیج کو پہلے بھونتے ہیں اور پھر اس کا سفوف بنایا جاتا ہے پھر اس سفوف کے ساتھ چینی دودھ اور دوسری چیزیں ملا کر چاکلیٹ بنایا جاتا ہے۔

کارڈ نمبر: 37


ہمارے ارد گرد کی چیزیں ۔

سوال: تھرموس چیزوں کو کیونکر گرم یا ٹھنڈا رکھتی ہے ؟



کارڈ نمبر: 37


ہمارے ارد گرد کی چیزیں ۔




جواب: تھرموس چیزوں کو دو طرح سے گرم یا ٹھنڈا رکھتی ہے ۔
اس کی اندرونی سطح شیشے کی طرح چمکدار ہوتی ہے ۔
جو حرارت کو خارج نہیں ہونے دیتی ۔ اور اس چمکدار
سطح سے باہر خلا ہوتا ہے اور خلا میں حرارت نہیں گذر سکتی
اس لئے تھرموس میں رکھی ہوئی چیز کافی دیر تک گرم
یا ٹھنڈی رہ سکتی ہے ۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:38

سوال:۔ بجلی کہاں سے آتی ہے؟




ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:38




جواب:۔ بجلی بجلی گھروں میں پانی۔ حرارت یا ایٹمی توانائی کی
مدد سے بڑے بڑے جنریٹروں کے ذریعے پیدا کی جاتی ہے
ان بجلی گھروں سے موٹی موٹی تاروں کے ذریعے ٹرانسفارمرز
میں لائی جاتی ہے اور پھر ان ٹرانسفارمرز سے ہمارے
گھروں میں تاروں کے ذریعے منتقل کی جاتی ہے۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 39

سوال:۔ جلتی ہوئی چیزوں سے دھواں کیوں نکلتا ہے؟




ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 39




جواب: جب چیزیں جلتی ہیں تو ان میں موجود پانی بخارات آبی کی شکل میں تبدیل ہو جاتا ہے کہ ان آبی بخارات کے ساتھ دوسرے ان جلے مادے اور راکھ وغیرہ مل کر بادل کی شکل اختیار کرتے ہیں، جسے ہم دھواں کہتے ہیں۔


ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر 40

سوال :۔ پانی آگ کو کیسے بجھاتا ہے؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر 40







جواب: جلنے کے عمل کے لئے بہت زیادہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے پانی ڈالنے سے درجہ حرارت فوراً گر جاتا ہے، اس لئے جلتی ہوئی چیزیں بجھ جاتی ہیں۔ جلنے کے عمل کے لئے ہوا کی آکسیجن کی ضرورت رہتی ہے۔ پانی ڈالنے سے ہوا کی سپلائی کا راستہ رک جاتا ہے، اور جلتی ہوئی چیزیں بجھ جاتی ہیں۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 41

سوال: تیل اور پانی باہم حل کیوں نہیں ہوتے ؟




ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 41




جواب :۔ اکثر چیزیں آسانی سے پانی میں حل ہو جاتی ہیں
مگر تیل حل نہیں ہوتا۔ تیل کا وزن پانی سے کم
ہوتا ہے اس لئے پانی کے اوپر تیرنے لگتا ہے کسی
گلاس میں پانی اور تیل کو ملا کر کسی سلاخ سے ہلایا
بھی جائے تو تھوڑی بعد پانی نیچے بیٹھ جاتا ہے اور
تیل اوپر تیرنے لگتا ہے ۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر 42

سوال :۔ ہم پٹرول کہاں سے حاصل کرتے ہیں ؟




ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر 42




جواب :۔ زمین کی اندرونی تہوں میں بعض اوقات پانی کی بجائے ایک خاص قسم کا تیل پایا جاتا ہے۔ یہ تیل مشینوں کے ذریعے باہر نکالا جاتا ہے۔ مختلف کیمیائی عوامل کے ذریعے اس تیل کے اجزا کو علیحدہ کیا جاتا ہے کہ وہ ان اجزا میں سے پٹرول بھی حاصل ہوتا ہے۔ جو ہماری کاروں اور ٹرکوں میں استعمال ہوتا ہے۔


ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 43

سوال:۔ ہم ٹیلی فون پر بات چیت کیسے کرتے ہیں؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 43







جواب:۔ جب ہم فون پر بات کرتے ہیں تو ہماری آواز ایک برقی سگنل میں تبدیل ہو جاتی ہے یہ برقی سگنل تاروں کے ذریعے دوسرے سرے پر پہنچتا ہے تو دوسرا فون اس برقی سگنل کو دوبارہ آواز میں تبدیل کر دیتا ہے اور ہم بات سن سکتے ہیں۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 44

سوال :۔ پنسلیں کیسے بنائی جاتی ہیں ؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 44




جواب :۔ گریفائٹ اور چکنی مٹی کے آمیزہ سے پنسل کا سکہ بنایا جاتا ہے اب اس سکہ کو لکڑی کے خول میں بند کر لیا جاتا ہے اور پنسل تیار ہو جاتی ہے۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:45

سوال:۔ پنسل کی لکھائی کو ربڑ کیسے ہٹاتی ہے؟



ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:45



جواب:۔ پنسل سے لکھائی کرتے وقت سکے کے چھوٹے چھوٹے ذرے کاغذ پہ رہ جاتے ہیں۔ اور اس پر ربڑ پھیرنے سے وہ اس کے ساتھ چپک جاتے ہیں۔ اور کاغذ سے لکھائی مٹ جاتی ہے۔

روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 46

سوال :۔ پیسوں کی ضرورت کیوں ہے ؟



روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 46




جواب :۔ زمانہ قدیم میں لوگوں کے پیسہ نہیں ہوتا تھا بلکہ تمام تجارت ایک چیز کے بدلے دوسری چیز سے ہوتی تھی مگر یہ کوئی آسان کام نہیں تھا اکثر ایک چیز کی قیمت دوسری چیز کے برابر نہ ہوتی اور مسائل پیدا ہوتے اس مسئلے کے حل اور کاروبار میں آسانی کے لئے انسان نے پیسہ بنایا ۔


ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:47

سوال:۔

:۔ پنکھے کے چلنے سے ہمیں ہوا میں حرکت کا احساس کیوں ہوتا ہے؟




ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:47




جواب:۔ پنکھوں کے پر چپٹے نہیں بلکے ڈھلوان (ترچھے) ہوتے ہیں۔
جب وہ تیزی سے گھومتے ہیں۔ تو ہمیں ہوا دیتے ہیں۔
عملِ تبخیر سے ٹھنڈک پیدا ہوتی ہے اگر ہمیں پسینہ آیا
ہو اور ہم پنکھے کے سامنے بیٹھیں تو گرم ہوا بھی فرحت بخش
محسوس ہوتی ہے۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 48

سوال:۔ ایرکنڈیشنر کمرے کو کیسے ٹھنڈا کرتا ہے؟




ہمارے اردگرد کی چیزیں:۔ کارڈ نمبر: 48




جواب:۔ ایرکنڈیشنر کمرے کی گرم ہوا کو جذب کرتا ہے۔
اور ایک خاص عمل کے ذریعے اِس گرم ہوا سے
حرارت جدا کرتا ہے۔ اور اس طرح کمرے میں ٹھنڈی
ہوا بھیجتا اور حرارت خارج کردیتا ہے۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 49

سوال. کار جلد کیوں نہیں رُک سکتی ؟



ہمارے ارد گرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر: 49




جواب:- اگر ہم آہستہ آہستہ چل رہے ہوں. تو ہمارے لئے اچانک روک جانا آسان ہوتا ہے. لیکن اگر بھاگ رہے ہوں۔ تو یکدم نہیں روک ہو سکتے۔


اسی طرح اگر ایک کار تیز رفتار سے جا رہی ہو تو اسے متحرک حالت سے ساکن حالت میں لانے کے لئے بریکوں کو زیادہ طاقت لگانی پڑتی ہے کیونکہ یہ اپنے زیادہ وزن کی وجہ سے اچانک نہیں رُک سکتی. 100 کلومیٹر رفتار سے چلنے والی کار کو رُکنے سے پیشتر 100 کلومیٹر فاصلہ طے کرنا ہو گا۔

روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 50

سوال ۱۔ بلب کس طرح روشنی دیتا ہے ؟



روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر: 50




جواب ۱۔ اکثر بلبوں میں دھات کی ایک پتلی تار ہوتی ہے. جب بجلی اس تار میں سے گذرتی ہے تو یہ تار گرم ہو جاتی ہے. اس حرارت کی وجہ سے اُس سفید چمک نکلتی ہے جس سے روشنی پیدا ہوتی ہے یہ بلب بہت گرم ہوتے ہیں اور انہیں چھونے سے جلنے کا خطرہ ہوتا ہے روشنی کی ٹیوب میں موجود گیسوں اور کیمیائی مادوں میں بجلی گذرنے سے روشنی پیدا ہوتی ہے


روزمرہ زندگی　　　کارڈ نمبر: 51


سوال :- جب ہم سوئچ دباتے ہیں تو بلب کیوں بجھ جاتے ہیں ؟



روزمرہ زندگی　　　کارڈ نمبر: 51.1







جواب :- بلب اس بجلی کی رو سے روشن ہوتے ہیں، جو ہمارے گھروں میں آرہی ہوتی ہے اگر بجلی کی یہ رو بند ہو جائے تو بلب بجھ جاتے ہیں سوئچ کو نیچے دبانے سے بجلی کی رو بند ہو جاتی ہے۔ اور بلب بجھ جاتے ہیں۔

روزمرہ زندگی　　　　کارڈ نمبر: 52

سوال :۔ جب ہم آئینے میں دیکھتے ہیں تو ہمیں اپنا آپ کیسے نظر آتا ہے ؟




روزمرہ زندگی　　　　کارڈ نمبر: 52




جواب :۔ شیشے کے ایک طرف بہت باریک نقرئی تہہ چڑھائی گئی ہوتی ہے۔ ہم اسے نقرئی آئینہ کہتے ہیں۔ جب کہ یہ تہہ چاندی کی طرح سفید اور چمکدار ہوتی ہے ہر نقرئی تہہ والا شیشہ روشنی کو منعکس کرتا ہے اور ہر اُس کی کی شبیہ بناتا ہے

روزمرہ زندگی          کارڈ نمبر: 53

سوال :۔ زمین کی نچلی سطح پانی کہاں سے حاصل کرتی ہیں ؟




روزمرہ زندگی          کارڈ نمبر :۔ 53




جواب :۔ جب بارش برستی ہے۔ تو زمین کا کچھ پانی ندی نالوں اور دریاؤں کی صورت میں سمندر کو چلا جاتا ہے ، مگر اس کا کچھ حصہ زمین میں جذب ہو کر زمین کی تہ میں بہت بڑے ذخیرے کے صورت میں جمع ہوتا ہے ۔ کنویئں کھود کر اس پانی کو پھر استعمال میں لایا جاتا ہے اور کبھی کبھی چشموں کی صورت میں خود ہی زمین سے نکل آتا ہے ۔

روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر : 54

سوال :۔ دریا کی گذرگاہ کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ پتھر کیوں
پائے جاتے ہیں ؟



روزمرہ زندگی — کارڈ نمبر : 54




جواب :۔ پہاڑی علاقہ میں دریا بہت تیزی سے بہتا ہے ، تو اپنے ساتھ بڑی بڑی چٹانوں کے ٹکڑے ہمراہ لاتا ہے . یہ ٹکڑے پانی کے ساتھ بہتے ہوئے چھوٹے ہوجاتے ہیں اور آخر کار گول پتھروں کی صورت میں تبدیل ہوجاتے ہیں . میدانی علاقے ہیں جب دریا کی رفتار کم ہوجاتی ہے تو یہ پتھر دریا کی گذرگاہ کے ساتھ ساتھ پھیل جاتے ہیں .

روزمرہ زندگی

کارڈ نمبر: 55

سوال :۔ کیا لوگ صحراؤں میں زندگی نہیں بسر کر سکتے ہیں؟



روزمرہ زندگی


کارڈ نمبر: 55




جواب :۔ صحراؤں میں پانی نہ ہونے کی وجہ سے درخت اور فصلیں نہیں اُگتیں۔ لیکن پہاڑوں پر برسنے والی بارش کا پانی بعض صحرائی مقامات کو سیراب کرتا ہے۔ یا کہیں کہیں چشمے بھی پائے جاتے ہیں۔ ایسی جگہ کو نخلستان کہتے ہیں۔ یہاں درخت اور پودے پائے جاتے ہیں۔ اس لئے لوگ ایسی جگہوں میں رہ سکتے ہیں۔

ہمارے ارد گرد کی چیزیں ۔ کارڈ نمبر: 56

سوال :۔ مقناطیس فولادی چیزوں کو اپنی طرف کیوں کھینچتا ہے ؟




ہمارے ارد گرد کی چیزیں ۔ کارڈ نمبر: 56



جواب :۔ مقناطیس میں موجود چھوٹے چھوٹے لوہے کی ایٹموں میں برقی کشش ہوتی ہے ، ان سب ایٹموں کا رخ ایک ہی سمت میں ہوتا ہے اس لئے یہ کشش بہت ہوتی ہے ۔
اسی کشش کی وجہ سے تمام وہ چیزیں جن میں لوہے کی مقدار ہو مقناطیس سے چمٹ جاتی ہے ۔

ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:57

سوال:۔ لوہے کو زنگ کیوں لگتا ہے ؟



ہمارے اردگرد کی چیزیں۔ کارڈ نمبر:57




جواب:۔ لوہا اپنی تمام تر مضبوطی کے باوجود اگر ہوا اور نمی (پانی) میں کھلا پڑا رہے۔ تو اسے زنگ لگ جاتا ہے۔ ایسی چیزوں کو اگر رنگ کر دیا جائے۔ یا گریس یا تیل مل دیا جائے تو ہوا اور نمی کا اثر نہیں ہوتا۔ اور زنگ نہیں لگنے پاتا۔

جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر 1-58

سوال : انڈوں سے چوزے کیسے پیدا ہوتے ہیں ؟



جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر 2-58



جواب : جب ایک مرغی انڈوں پر بیٹھتی ہیں تو یہ ان کو گرم کرد یتی ہے۔ اور اس طرح انڈوں میں چوزے بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ تقریباً 21، 22 دنوں میں چوزے انڈوں کے اندر بڑھ جاتے ہیں اور انڈوں سے باہر آنے لگتے ہیں۔

جانور ہمارے دوست :۔ کارڈ نمبر ۔ 59

سوال :۔ کتے اجنبیوں پر کیوں بھونکتے ہیں ؟



جانور ہمارے دوست کارڈ نمبر ۔ 59









جواب :۔ کتے اجنبیوں پر کئی وجوہات کی بنا پر بھونکتے ہیں مثلاً

(i) کتے اجنبیوں کو بھگانے کے لئے ان پر بھونکتے ہیں ۔

(ii) کتے اپنے دوسرے ساتھیوں کو آگاہ کرنے اور ان سے مدد لینے کے لئے اجنبیوں پر بھونکتے ہیں ۔

(iii) کتے اپنے مالک کو کسی اجنبی کی موجودگی سے آگاہ کرنے کے لئے بھی ان پر بھونکتے ہیں ۔

جانور ہمارے دوست　　　　کارڈ نمبر ۱، 60

سوال ؛ چوزے اپنے جسم کو کیوں زمین سے رگڑتے ہیں ؟





جانور ہمارے دوست　　　　کارڈ نمبر ۲، 60



جواب ؛ چوزوں کے پروں کے اندر ریت کے ذرے اور کیڑے مکوڑے داخل ہو جاتے ہیں ۔ وہ ان کو جھاڑنے کے لئے اپنے جسم کو زمین پر رگڑتے ہیں یا اپنے پروں کو پھیلا کر حرکت دیتے ہیں ۔ اس طرح ریت کے ذرات اور کیڑے مکوڑے اُن کے پروں سے نکل جاتے ہیں. کچھ پرندے اور جانور اپنے جسم کی صفائی کے لئے پانی میں نہاتے ہیں ۔

جانور ہمارے دوست
کارڈ نمبر 61






بلّیوں کو چوہے پکڑنے اور درختوں پر چڑھنے کے لئے تیز پنجوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ بلّیوں کے یہ پنجے جب بڑھ جاتے ہیں۔ تو ان کو درختوں کے تنوں یا سخت چیزوں سے رگڑتی ہیں۔ اس طریقے سے پُرانے پنجے ختم ہو جاتے ہیں اور نئے پنجے پیدا ہوتے ہیں۔ اس طرح سے دوسرے جانور مثلاً چیتا اور ببر شیر بھی سخت چیزوں سے اپنے پنجے رگڑتے ہیں۔


جانور ہمارے دوست
کارڈ نمبر 2-61

سوال:۔ بلّی کے پنجے کیوں تیز ہوتے ہیں؟



جانور ہمارے دوست — کارڈ نمبر :- 62

سوال :- چوزے کیوں نہیں اُڑ سکتے ؟



جانور ہمارے دوست — کارڈ نمبر :- 62



جواب :- چوزے اس لئے نہیں اُڑ سکتے کہ لوگ ان کو کھلاتے ہیں. اور ان کی حفاظت کرتے ہیں. ان کو دشمنوں کی طرف سے خطرہ نہیں ہوتا اس لئے ان کو اڑنے کی ضرورت نہیں ہوتی. اور ان کے پر کمزور ہو جاتے ہیں. اس کے علاوہ زیادہ کھانے پینے کی وجہ سے یہ بھاری ہو جاتی ہیں اور ان کے کمزور پر ان کے بھاری جسم کو زمین سے نہیں اُٹھا سکتے. یہ حسب ضرورت تھوڑے فاصلے تک اُڑ سکتے ہیں. لیکن اپنا توازن برقرار نہیں رکھ سکتے ۔

جانور ہمارا دوست


کارڈ نمبر:- 63


سوال :- بکریاں کاغذ کیوں کھاتی ھیں ؟



جانور ہمارے دوست

کارڈ نمبر:- 63






جواب :- بکریاں گھاس اور درختوں کے پتے کھاتی ہیں اس کے علاوہ کاغذ بھی کھاتی ہیں. جو درخت کی چھال سے بنائے جاتے ہیں ان میں بعض کاغذوں پر سیاہی اور مختلف کیمیائی مواد ہوتے ہیں. اگر بکریوں نے بہت زیادہ کاغذ کھا لیا تو ان کے پیٹ میں درد ہوگا. دوسرے جانور کاغذ نہیں کھا سکتے -

جانور ہمارے دوست — کارڈ نمبر ۱. 64

سوال ۱. بلی کی آنکھیں اندھیرے میں کیوں چمکتی ھیں ؟




جانور ہمارے دوست — کارڈ نمبر ۲- 64




جواب ۱. رات کو معمولی روشنی میں بھی بلی کی آنکھیں چمکتی ہیں. روشنی آنکھ کے آگے اور پیچھے کی طرف منعکس ہوتی رہتی ہے اس وجہ سے بلیوں کی آنکھیں اندھیرے میں چمکتی ہیں. اس سے ثابت ہوتا ہے کہ بلی اندھیرے میں دیکھ سکتی ہے. اس کے علاوہ الّو، سانپ اور لومڑی کی آنکھیں بھی اندھیرے میں چمکتی ہیں اور وہ اندھیرے میں چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں۔

کارڈ نمبر: 65 جانور ہمارے دوست :


سوال : کتے اپنی دُم کیوں ہلاتے ہیں ؟




کارڈ نمبر: 65 جانور ہمارے دوست :



جستجو میں



غصے میں



غصے میں




خوش

جواب : کُتے اپنی دُم کے ذریعے مختلف احساسات کا اظہار کرتے ہیں۔ مثلاً جب کُتے بہت خوش ہوتے ہیں تو وہ اپنی دُم کو ہلاتے ہیں۔ کتے کی دُم کی حرکت سے لوگ جان جاتے ہیں کہ وہ خوش ہیں۔ اس کے علاوہ جب کُتا غصّے کی حالت میں ہوتا ہے تو اُس کی دُم سخت اور سیدھی ہو جاتی ہے۔ اگر کُتا ڈر جائے تو وہ اپنی دُم پچھلی ٹانگوں کے درمیان رکھ دیتی ہے۔

جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر: 66

سوال:۔ بلی اپنا فضلہ کیوں چھپاتی ہے ؟



جانور ہمارے دوست

کارڈ نمبر: 66




جواب:۔ بلی بہت صفائی پسند جانور ہے۔ یہ اُس جگہ کو صاف رکھتی ہے. جہاں یہ رہتی ہے اس لئے یہ اپنے پیشاب اور پاخانہ کو مٹی سے ڈھانپتی ہے. یہ جب اپنی حدود سے باہر پیشاب یا پاخانہ کرتی ہیں. تو یہ ان پر مٹی وغیرہ نہیں ڈالتی. اس طرح دوسری بلیوں کو پتہ چل جاتا ہے کہ ہمارے علاقے میں کوئی دوسری بلی آتی ہے۔

جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر 67

سوال :۔ کیا بکریاں واقعی ٹین کے ڈبے کھاتی ہیں ؟



جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر :۔ 67



جواب :۔ بکریاں ٹین کے ڈبے نہیں بلکہ اس کے اوپر کا لیبل اور سریش کھاتی ہیں ہم کاغذ اور سریش ہضم نہیں کر سکتے . مگر بکریاں انہیں ہضم کر لیتی ہیں ۔


جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:- 68


سوال :- خرگوش کے کان کیوں لمبے ہوتے ہیں ؟



جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:- 68









جواب :- خرگوش کے کان اس لئے لمبے ہوتے ہیں. کہ ان لمبے کانوں سے خرگوش دور کی معمولی سی آواز کو سن سکتا ہے خرگوش ایک کمزور جانور ہوتا ہے اگر کوئی دشمن ان کو شکار کرنا چاہتا ہے تو یہ اس کی معمولی آہٹ دور سُن سکتا ہے یا یہ تو بھاگ جاتا ہے یا چھپ جاتا ہے جب یہ کسی آواز کو سُنتا ہے تو اسکے کان مختلف اطراف میں حرکت کر سکتے ہیں۔


جانور ہمارے دوست — کارڈ نمبر ۱- 69

سوال :۔ بعض پرندے منظم طریقے سے کیوں اُڑتے ہیں؟



جانور ہمارے دوست — کارڈ نمبر ۲- 69






جواب :۔ منظم طریقے سے اُڑنے والے پرندے زیادہ نہیں تھکتے، جب ایک پرندہ پَر مارتا ہے، تو ہوا کا جھونکا پیدا ہوتا ہے اور اس ہوا کے جھونکوں سے دوسرے پرندوں کو مدد ملتی ہے اور پیچھے آنے والے پرندوں کو زیادہ طاقت صرف نہیں کرنی پڑتی ، اس کام کو کرنے کے لئے یہ پرندے اپنی جگہ تبدیل کرتے رہتے ہیں یعنی کبھی ایک آگے تو کبھی دوسرا ۔

جانور ہمارے دوست    کارڈ نمبر ۶-75

سوال ۶.  طوطے کیسے باتیں کر سکتے ھیں ؟




جانور ہمارے دوست    کارڈ نمبر ۶ 75



جواب ۱.  طوطے کی زبان بڑی اور موٹی ہوتی ہے. یہ آدمی کی زبان کی طرح تو نہیں ہوتی لیکن یہ طوطے کو بولنے میں مدد دیتی ہے یہ دوسری آوازوں کی نقل اُتارتے ہیں لیکن یہ الفاظوں کے معانی خود نہیں سمجھتے. اس کے علاوہ مینا بھی باتیں کرتے ہے اور دوسروں کی نقل اُتارتی ہے ۔

جانور ہمارے دوست                    کارڈ نمبر ۱۔ 71

سوال ۱۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ کبوتر اپنے بچوں کو دودھ پلاتے ہیں



جانور ہمارے دوست                    کارڈ نمبر ۲۔ 71




جواب ۲۔ کبوتر اور فاختاؤں کے بچے دودھ پر پرورش پاتے ہیں۔ یہ اپنی ماں اور باپ دونوں سے دودھ حاصل کرتے ہیں۔ یہ دودھ ان کے گلے کے پیچھے سے آتا ہے۔ بچے دونوں کے گلے میں اپنی چونچ ڈال دیتے ہیں۔ اور وہاں سے دودھ حاصل کر لیتے ہیں۔

جانور ہمارے دوست

کارڈ نمبر: 72


سوال :۔ چمگادڑ کیا کھاتے ھیں ؟





جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر: 72




جواب :۔ چمگادڑ مختلف چیزیں کھاتے ہیں. کچھ چمگادڑ کیڑے مکوڑے اور کچھ میوے مچھلی مینڈک اور مختلف چیزیں کھاتے ہیں. چمگادڑ رات کو شکار کرتے ہیں۔ ان کی نظر بہت تیز ہوتی ہے مادہ چمگادڑ دودھ پلانے والا جانور ہے۔ یہ بچے پیدا کرتی ہیں. اور ان کو دودھ پلاتی ہیں چمگادڑ غاروں اور تاریک جگہ پر رہتے ہیں۔

جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:۔ 73

سوال :۔ کیا پرندے رات کو دیکھ سکتے ہیں ؟




جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:۔ 73



جواب :۔ بہت سے پرندے اندھیرے میں نہیں دیکھ سکتے۔ مثلاً
چڑیاں، چوزے اور کوّے۔ اگر یہ رات کو اُڑیں تو یہ اندھیرے
میں اپنے سے ٹکرائیں گے۔ اس لئے یہ آرام سے رات کو سوتے
ہیں مینائیں رات کے اندھیرے میں اپنے گھونسلوں کی طرف آتی
ہے۔ اُلو رات کو شکار کرتا ہے۔ اس لئے ان کی دیکھنے کی حس
بہت زیادہ تیز ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بطخیں رات کو جہاں
پر پانی ہوتا ہے، شکار کرتی ہیں اور صبح سویرے پھر سو جاتی
ہیں۔ جو پرندے ایک جگہ سے دوسرے جگہ منتقل ہوتے ہیں۔
وہ رات کو اڑتے ہیں اور دن کو سو جاتے ہیں۔

جانور ہمارے دوست　　　　کارڈ نمبر:-74

سوال:۔ چوہا سخت چیزوں کو کیوں کترتا ہے؟



جانور ہمارے دوست　　　　کارڈ نمبر:-74




جواب:۔ چوہے کے سامنے کے دانت کھرچنے کے لئے مسلسل بڑھتے رہتے ہیں. چوہے سخت چیزیں کترتے ہیں. اگر چوہے ایسا نہیں کریں گے. تو یہ دانت منہ سے باہر آ جائیں گے اور یہ اپنا منہ بند نہیں کر سکیں گے ان کے دانت اتنے تیز ہوتے ہیں کہ ان سے سخت سے سخت چیزوں کو کتر سکتے ہیں چوہے جب رسی یا کوئی پتلی چیز پر چلتے ہیں. تو یہ اپنے دُم کے ذریعے اپنا توازن برقرار رکھ سکتے ہیں سردی وغیرہ کا ان پر اثر نہیں پڑتا. چوہوں کی نظر کمزور ہوتی ہے اس لئے یہ اپنا راستہ معلوم کرنے کیلئے مونچھ سے مدد لیتے ہیں اسکے علاوہ گلہری اور خرگوش کے دانت بھی بڑھتے رہتے ہیں یہ بھی چوہے کی طرح دانتوں کو مختصر اور عمدہ رکھتے ہیں.

جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر:- 75

سوال :۔ اُونٹ کے کوہان کیوں ہوتے ہیں ؟



جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر:- 75




جواب :۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اونٹ کے کوہان میں پانی ہوتا ہے لیکن درحقیقت اونٹ کے کوہان میں چربی جمع ہوتی ہے۔ جو ضرورت کے وقت اونٹ کیلئے توانائی فراہم کرتا ہے اونٹ صحرا میں رہتے ہیں اور ان کو صحرا میں کئی دِنوں تک خوراک اور پانی نہیں ملتا اُس وقت اُونٹ کوہان میں جمع شدہ خوراک سے فائدہ اُٹھاتا ہے اُونٹ ایک وقت میں تقریباً 53 گیلن پانی پیتے ہیں۔ یہ ہر وقت پانی نہیں پیتے ۔

جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:- 76

سوال :- شیر صرف گوشت کھانے سے بیمار کیوں نہیں ہوتے؟



جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:- 76




جواب :- شیر ایسے جانوروں کا شکار کرتے ہیں۔ جو صرف گھاس کھاتے ہیں۔ ان جانوروں کے معدے اور انتڑیوں میں وہ مفید غذائی اجزاء موجود ہوتے ہیں۔ جو گھاس سے حاصل ہوتے ہیں۔ شیرنی گوشت کے ساتھ ساتھ یہ معدے اور انتڑیاں بھی کھاتے ہیں۔ اس لئے وہ بیمار نہیں ہوتے تاہم اگر وہ بیمار پڑ جائیں تو خود ہی گھاس کھانا شروع کر دیتے ہیں اور تندرست ہو جاتے ہیں۔

جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر :۔ 77

سوال :۔ ذرّافہ کی گردن لمبی کیوں ہوتی ہے ؟



جانور ہمارے دوست


کارڈ نمبر :۔ 77




جواب :۔ ذرّافہ اپنی لمبی گردن کی مدد سے اپنے دشمنوں کو دور سے آسانی سے دیکھ سکتا ہے اور جان بچانے کے لئے بھاگ سکتا ہے ذرّافہ سارے جانوروں میں سب سے لمبے قد کا جانور ہے۔ ذرّافوں کے ساتھ اکثر زیبروں کا ریوڑ ہوتا ہے۔ اس سے زیبروں کو وقت سے پہلے دشمنوں کا پتہ چل جاتا ہے اور یہ بھی بھاگنے لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ ذرّافہ اونچے درخت سے باآسانی اپنے لمبی زبان سے پتے کھا سکتا ہے چونکہ اسکی گردن اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں اسلئے پانی پینے کے وقت اسکو بہت دقت ہوتی ہے

جانور ہمارے دوست　　　　کارڈ نمبر:- 78

سوال :- شیر کے بچے کیا خوراک کھاتے ہیں ؟




جانور ہمارے دوست　　　　کارڈ نمبر : 78




جواب :- شیرنی جب بچے جنتی ہے تو ابتدا میں وہ اپنی ماں کا دودھ پیتے ہیں۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد شیرنی اپنے شکار کا کچھ حصہ اپنے بچوں کو کھلاتی ہے جب وہ دو سال کے ہو جاتے ہیں تو شیرنی انہیں شکار کے گُر سکھاتی ہے اور تین سال کی عمر میں وہ اپنا شکار خود کرنے لگتے ہیں ۔

جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:- 79

سوال :- ہاتھی کے سونڈ کیوں لمبے ہوتے ہیں ؟



جانور ہمارے دوست　　　کارڈ نمبر:- 79




جواب :- سونڈ دراصل ہاتھی کی ناک ہوتی ہے لیکن یہ ان سے ہاتھوں کا بھی کام لیتا ہے ہاتھی ان کو حرکت بھی دے سکتا ہے اور چیزیں بھی پکڑ سکتا ہے ہاتھی اپنے ان سونڈ سے کھڑے ہونے کی حالت میں گھاس اکھاڑتا ہے اور پانی پیتا ہے اگر ہاتھی کا سونڈ لمبا نہ ہوتا تو وہ مختلف چیزوں کے لئے اور پانی کے لئے نیچے جھکتا۔ ہاتھی کی سونڈ میں ہڈیاں نہیں ہوتیں اس لئے اس کو آسانی سے حرکت دیتا ہے۔

درخت اور پھول


کارڈ نمبر : 80

سوال :۔ ہم بیج بونے یا پودا لگانے سے پہلے زمین کو کیوں کھودتے ہیں ؟



درخت اور پھول

کارڈ نمبر : 80




جواب :۔ زمین کو کھودنے سے بیج سے پودا نکلنے اور پھر پودے کو اُگنے میں آسانی ہوتی ہے . کھدائی سے زمین میں ہوا شامل ہو جاتی ہے اور مٹی نرم ہو جاتی ہے . اس کے علاوہ مختلف کیڑے مکوڑے اور جڑی بوٹیاں کھودنے سے ختم ہو جاتی ہیں . ہم جب زمین کھودتے ہیں تو کنکر اور پتھر وغیرہ بھی ہٹا لیتے ہیں اس سے زمین نرم ہو جاتی ہے اور زمین بیج اور پودے کے لئے بہتر ہو جاتی ہے .

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 81

سوال :۔ پودے بغیر پانی کے کیوں مُرجھا جاتے ہیں۔



درخت اور پھول کارڈ نمبر: 81







جواب :۔ جسطرح انسان کو توانا اور صحت مند رہنے کے لئے پانی اور خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسطرح پودوں کو بھی ضرورت ہوتی ہے۔ پودے کو خوراک تیار کرنے کیلئے پانی کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اگرانہیں مناسب مقدار میں پانی نہ ملے تو یہ مُرجھا جاتے ہیں

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 82

سوال:۔ کیا پودے سانس لیتے ہیں۔؟





درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 82




جواب:۔ ہاں وہ سانس لیتے ہیں۔ پودوں کے تنوں اور پتوں میں چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں جو خوردبین کے بغیر واضح دکھائی نہیں دیتے۔ پھول اور درخت اِن سوراخوں سے سانس لیتے ہیں۔ ہم بھی سانس لیتے ہیں کیونکہ ہمیں اکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے۔ انسان اکسیجن لیتے ہیں اور کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں جبکہ پودے اور پھول آکسیجن خارج کرتے ہیں اور کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کر لیتے ہیں۔ اگر پودے سانس نہ لیتے تو ہمیں اکسیجن نہ ملتی اور تمام بنی نوعِ انسان مرجاتی۔

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 83

سوال :۔ درختوں کا قد دوسرے پودوں کے مقابلے میں زیادہ کیوں بڑھتا ہے؟



درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 83




جواب :۔ پھول اور درخت موسمِ گرما اور موسمِ بہار کے مہینوں میں بڑھتے ہیں موسمِ خزاں اور موسمِ سرما میں انکے پھول مُرجھا جاتے ہیں لیکن درخت مسلسل پرورش پاتے رہتے ہیں۔ درختوں کی عمر انسانوں سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن انسان جب بالغ ہوتا ہے تو اس کا قد نہیں بڑھتا۔ لیکن درختوں کا قد مسلسل بڑھتا ہے۔ اسی وجہ سے درخت قد اور جسامت میں بڑے ہوتے ہیں۔

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 84

سوال:۔ انجیر کے درخت بغیر پھول کے کیسے انجیر پیدا کرتے ہیں۔؟




درخت اور پھول کارڈ نمبر: 84



جواب:۔ دراصل انجیر کے درخت میں پھول ہوتے ہیں۔ لیکن ہمیں نظر نہیں آتے۔ یہ پھول انجیر کے اندر ہوتے ہیں۔ جو عام پھولوں کی طرح ہوتے ہیں اور بیج پیدا کرتے ہیں جب ہم انجیر کھاتے ہیں۔ تو ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم کوئی سخت چیز کھا رہے ہیں۔ یہ سخت چیز انجیر کے بیج ہوتے ہیں انجیر کا درخت سال میں دو مرتبہ پھل دیتا ہے۔


درخت اور پھول　　　　کارڈ نمبر: 85

سوال :۔ ہمارے جسم سے بیج کیوں چمٹتے ہیں ؟



درخت اور پھول　　　　کارڈ نمبر: 85











جواب :۔ بیجوں کا بکھر کئی طرح سے ہوتا ہے بعض اوقات تو ہوا انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہے بعض اوقات ہمارے کپڑوں جانوروں کے جسم یعنی پشم اور بالوں سے چمٹ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے ہیں اور دوبارہ اُگ کر نیا پودا پیدا کرتے ہیں .

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 86

سوال:۔ درخت کے تنے میں گول دائرے کیوں ہوتے ہیں۔؟



درخت اور پھول کارڈ نمبر: 86




جواب :۔ پھولوں اور گھاس کی طرح درخت موسم سرما میں نہیں مُرجھاتے بلکہ مسلسل بڑھتے ہیں۔ اگر آپ ایک درخت کے کٹے ہوئے تنے کا مشاہدہ کریں تو آپ کو اُن پر بہت سے دائرے نظر آئیں گے۔ اِن گول دائروں سے ہمیں درخت کی عمر کا پتہ چل جاتا ہے۔ درخت موسم بہار اور موسم گرما میں تیزی سے بڑھتے ہیں اور موسم خزاں اور موسم سرما میں آہستہ آہستہ بڑھتے ہیں۔


درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 87

سوال:۔ کیا پودے رات کو سوتے ہیں۔










درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 87













جواب:۔ کچھ پودے رات کو سُکڑ جاتے ہیں لیکن اسکا مطلب یہ نہیں کہ پودا سو رہا ہے۔ اگر آپ پودوں کو دن کی طرح گرم روشن رکھیں تو یہ پوری رات بھی دن کی طرح کِھل جائیں گے۔

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 88

سوال:۔ سورج مکھی کیوں سورج کے ساتھ ساتھ گھومتا ہے ؟



درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 88




جواب:۔ جب سورج مکھی کا پودا چھوٹا ہوتا ہے اور تیزی سے بڑھتا ہو۔ تو یہ سورج کے ساتھ ساتھ گھومتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سورج مکھی کا وہ حصّہ جہاں پر سورج کی روشنی براہِ راست نہیں پڑتی وہ تیزی سے بڑھتا ہے۔ اور جنکا منہ سورج کی طرف ہوتا ہے وہ کم رفتار سے بڑھتا ہے۔ اسلئے یہ سورج کی طرف منہ کرنے کیلئے گھومتا ہے۔

درخت اور پھول


کارڈ نمبر: 89

سوال:۔ کیا بند گوبھی کے پھول ہوتے ہیں ؟



درخت اور پھول

کارڈ نمبر: 89




جواب:۔ جی ہاں بند گوبھی کے پھول ہوتے ہیں ، لیکن اس کو ہم پکانے کے لئے پھول دینے سے پہلے ہی زمین سے نکال لیتے ہیں ، پہلے گوبھی کے پتے پھیل جاتے ہیں ، جب یہ زیادہ بڑھ جاتے ہیں ، تو بند ہو کر ایک گول سر کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اگر بند گوبھی کو زمین سے نکالا جائے تو پتے دوبارہ اُگ کر پھول دیں گے ۔

روزمرہ زندگی　　　　کارڈ نمبر: ۹۵

سوال :۔ تیز مصالحہ دار غذا کھانے سے آپ کو تکلیف محسوس ہو رہی ہو۔ تو پانی پینے سے کیوں فائدہ نہیں ہوتا ؟



روزمرہ زندگی　　　　کارڈ نمبر: ۹۵



جواب :۔ چکنائیاں پانی میں حل نہیں ہوتیں۔ مصالحہ دار غذا کے اوپر چکنائی کی تہ ہوتی ہے اس لئے پانی چکنائی کے اوپر سے گذر جاتا ہے۔ اور مصالحہ کو بھی اپنے اندر حل نہیں کرسکتا۔ اگر پانی پینے کی بجائے خشک روٹی یا چاول کھائے جائیں تو یہ چکنائیوں کو جذب کریں گے یا پھر دودھ پئیں۔ چکنائی اس میں حل ہوجائیگی اور تکلیف جاتی رہیگی

درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 91

سوال :۔ ہم پھولوں سے عطر کیسے بناتے ہیں۔؟




درخت اور پھول۔ کارڈ نمبر: 91




جواب :۔ حشرات کی طرح انسان بھی پھولوں کو پسند کرتے ہیں۔ اور اُن کی خوشبو سے محظوظ ہوتے ہیں۔ لوگ پھولوں کو توڑ کر اکٹھا کر لیتے ہیں اور اُن سے تیل نکال لیتے ہیں۔ اس تیل کے ساتھ الکوحل یا دوسری چیزیں ملا کر عطر بنایا جاتا ہے اس کے علاوہ ہم پودوں سے مختلف چیزیں حاصل کرتے ہیں۔ مثلاً کاغذ، تارکول، ماچس کی تیلیاں اور ربڑ وغیرہ۔

درخت اور پھول
کارڈ نمبر: 92

سوال :۔ کیا آبی پودوں کی جڑیں ہوتی ہیں ؟




درخت اور پھول
کارڈ نمبر: 92




جواب :۔ نہیں کیونکہ ان پودوں کو ان کی ضرورت نہیں ہوتی زمین پر اُگنے والے پودے جڑوں کے ذریعے زمین سے پانی اور خوراک حاصل کرتے ہیں. جب کہ آبی پودے اپنی ضروریات کو پانی سے پورا کرتے ہیں. آبی پودوں کی جتنی جڑیں نظر آتی ہیں دراصل یہ صرف پودے کو پانی کے اندر پتھروں یا تہہ کے ساتھ مضبوطی سے جوڑے رکھتی ہیں اور پودے کو گرنے یا پانی کے ساتھ بہہ جانے سے روکتی ہیں ۔

حشرات کی دُنیا کارڈ نمبر: 93

سوال :۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ شہد کی مکھیاں ایک دوسرے سے باتیں کرتی ہیں ؟




حشرات کی دُنیا کارڈ نمبر: 93





جواب :۔ جب ایک شہد کی مکھی کوئی پھول دیکھتی ہے تو وہ واپس چھتے میں آ کر دوسرے ساتھیوں کو بتاتی ہے وہ اُس پھول کی نشاندہی ایک مخصوص ناچ کے ذریعے کرتی ہے ۔ اس سے دوسری مکھیوں کو پتہ چل جاتا ہے کہ وہ پھول کہاں ہے جب یہ پھول کے قریب پہنچ جاتے ہیں تو وہی مکھی عدد 8 کے مند سے کی طرح ناچنے لگتی ہے ۔ اور دوسروں کو پتہ چل جاتا ہے کہ یہی پھول ہے ۔

حشرات کی دُنیا    کارڈ نمبر : 94

سوال :۔ چیونٹیاں کیوں شکر تلاش کرتے ہیں ؟





حشرات کی دُنیا    کارڈ نمبر : 94





جواب :۔ چیونٹیاں ہمیشہ خوراک کی تلاش میں رہتی ہیں۔ اور خوراک کی تلاش میں اِدھر اُدھر پھرتی رہتی ہیں۔ شکر چیونٹیوں کو بہت پسند ہے۔ ایک چیونٹی جب شکر کو تلاش کر لیتی ہے تو اسے اپنے گھر لے جاتی ہے اور راستے میں ایک پٹڑی دوسری چیونٹوں کو سونگھنے کے لئے بنا دیتی ہے اس طریقے سے گھر میں موجود چیونٹوں کو پٹڑی کے لئے ذریعے پتہ چل جاتا ہے کہ شکر کہاں پر ہو گی۔


حشرات کی دُنیا — کارڈ نمبر: 95


سوال:۔ مچھر چھت پر کیسے چلتے ہیں اور نیچے نہیں گرتے ؟





حشرات کی دُنیا — کارڈ نمبر: 95





جواب:۔ مچھروں کے پاؤں کے سر پر تیز نیچے اور چپکنے والے بال ہوتے ہیں یہ پنجے اور چپکنے والے بال مچھروں کو چھت پر اُلٹی حرکت کرنے کے قابل بناتے ہیں، چونکہ ان کے جسم بہت ہلکے ہوتے ہیں اس لئے یہ گرنے نہیں پاتے۔

حشرات کی دُنیا۔


کارڈ نمبر: 96

سوال :- صرف مادہ مچھر کیوں کاٹتی ہیں۔ ؟



حشرات کی دنیا

کارڈ نمبر: 96




جواب :- مادہ مچھر انسانوں اور جانوروں کا خون چوستی ہیں۔ یہ انکو انڈے دینے میں مدد دیتی ہے اگر یہ خون نہیں چوسیں گی تو زیادہ تر مچھر انڈے نہیں دے سکیں گی۔ یہ اپنے منہ کو سوئی کی طرح انسان اور جانور کے جسم میں داخل کر کے اُن کا خون چوس لیتی ہیں نر صرف پانی اور پودوں کا رس چوستے ہیں۔

حشرات کی دنیا    کارڈ نمبر ۱. 97

سوال :. ٹڈی کسطرح چھلانگ لگاتی ہے ؟



حشرات کی دنیا    کارڈ نمبر ۲. 97



جواب :. ٹڈی کی پچھلی ٹانگیں لمبی اور مضبوط ہوتی ہیں
ٹڈی کو ہمیشہ دشمن سے بھاگنے کے لئے فوراً
چھلانگ لگانی پڑتی ہے. یہ پچھلی ٹانگوں کو پہلے سخت
کر دیتی ہے اور پھر ہوا میں دور تک اُڑ سکتی ہے۔

## حشرات کی دنیا


کارڈ نمبر :- 98

سوال :۔ پروں والی چیونٹیاں کیوں اُڑتی ہیں ؟



## حشرات کی دُنیا


کارڈ نمبر :- 98




جواب :۔ چیونٹیاں موسم بہار سے موسم گرما تک بچے پیدا کرتی ہیں۔ مادہ چیونٹیاں گھر کو چھوڑ کر آسمان کی طرف اُڑ جاتی ہیں بہت سے نر بھی ان کا ساتھ دیتے ہیں لیکن کچھ رہ جاتے ہیں۔ جونہی یہ اوپر کی طرف اُڑتے ہیں تو روشنی ان کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ ہمارے گھروں میں رات کو روشنی کے گرد ہوتی ہیں ۔


حشرات کی دُنیا۔ کارڈ نمبر: 99

سوال:۔ مچھر کے کاٹنے سے کھجلی کیوں پیدا ہوتی ہیں۔؟



حشرات کی دُنیا۔ کارڈ نمبر: 99







جواب:۔ مچھر انسانوں کو کاٹتی ہیں اور اُن کا خون چوستی ہیں۔
جب یہ خون چوستی ہیں تو یہ خون میں اپنا لُعاب چھوڑ دیتی ہیں
جس سے خون چوسنے میں آسانی رہتی ہے۔ اِسی لُعاب کی وجہ سے
جلد پر خارش یعنی کھجلی پیدا ہو جاتی ہے۔

حشرات کی دنیا ۔ کارڈ نمبر: 100

سوال: چیونٹیاں کیوں ایک دوسرے کے حاسے کو مس کرتے ہیں؟



حشرات کی دنیا ۔ کارڈ نمبر: 100




جواب: چیونٹیاں نہ بول سکتی ہیں اور نہ کوئی آواز نکال سکتی ہیں لیکن یہ ایک دوسرے سے اپنے حاسے کے ذریعے باتیں کرتی ہیں یہ ان حاسوں کے ذریعے ایک دوسرے سے اس طرح باتیں کرتی ہیں کہ میں بھوکی ہوں اور میں جانتی ہوں کہ ہمیں خوراک کہاں سے مل سکتی ہے۔ چلو جلدی کرو۔ تاکہ خوراک حاصل کریں۔

حشرات کی دنیا


کارڈ نمبر : 101


سوال : ڈریگن فلائی کے آنکھیں کیوں بڑے ہوتے ہیں ؟



حشرات کی دُنیا ۔

کارڈ نمبر : 101






جواب ڈریگن فلائی ۸،۰ دن میں اپنے لئے خوراک پیدا کرتے ہیں ۔
یہ بڑی آنکھوں سے با آسانی اپنی خوراک پیدا کر سکتے
ہیں ۔ یہ بڑی آنکھیں ان کو دشمنوں سے بچنے کے لئے بہت مددگار
ہوتی ہیں کیونکہ ان بڑی آنکھوں کی وجہ سے یہ دشمنوں سے دور بھاگتے ہیں

حشرات کی دُنیا۔ کارڈ نمبر: 102

سوال :۔ جگنورات کو کیوں چمکتے ہیں ؟




حشرات کی دُنیا کارڈ نمبر: 102




جواب :۔ ان کی دُم سے روشنی پیدا ہوتی ہے جب مادہ جگنو رات کے اندھیرے میں روشنی دیتی ہے تو نر بھی اس کے جواب میں روشنی دیتا ہے یہ ایک دوسرے کو بُلانے کیلئے ایک ذریعہ ہیں اور اسطرح جگنو رات کے اندھیرے میں اپنے ساتھیوں کو تلاش کرتے ہیں ۔

حشرات کی دُنیا کارڈ نمبر ۱- 103

سوال :۔ بھڑ اپنا چھتہ کیسے بناتی ہے ۔ ؟



حشرات کی دُنیا کارڈ نمبر ۱- 103




جواب :۔ بھیڑیں اپنے لعاب کے ساتھ درخت کے چھلکے اور دوسری چیزیں ملا کر چھتہ بناتی ہیں ، چھتہ اُن کے لئے جائے کا کام دیتا ہے ، بھیڑیں اس چھتے میں انڈے دیتی ہیں ، اور بچوں کو پالتی ہیں بنانے کے لئے بھیڑیں بہت محنت کرتی ہیں اور دور دور سے چیزیں لاتی ہیں

حشرات کی دُنیا


کارڈ نمبر: 104

سوال: کیا آپ کو معلوم ہے کہ جھینگر کے کان ہوتے ہیں؟



حشرات کی دنیا


کارڈ نمبر: 104



جواب: جھینگر کے کان سر کی بجائے اس کی اگلی ٹانگوں میں ہوتے ہیں یہ کان ان کو دوسرے جھینگروں کی آواز کو سننے میں مدد دیتے ہیں۔ اسی طرح ٹڈی کے کان بھی اس کی اگلی ٹانگوں میں ہوتے ہیں جن سے وہ دور کی آواز سُن سکتی ہیں شہد کی مکھی اپنے لامسہ کے ذریعے مختلف آوازوں کو سنتی ہیں۔


حشرات کی دُنیا۔ کارڈ نمبر: 105

سوال:- مکڑیاں کیوں اپنا جال بُنتی ہیں۔؟



حشرات کی دُنیا۔ کارڈ نمبر: 105





جواب:- مکڑیاں جاندار اشیاء کھاتی ہیں۔ یہ جالہ بُنتی ہیں اور کیڑے مکوڑے پکڑنے کا انتظار کرتی ہیں۔ مکڑی کا جالہ مکڑی کا گھر ہوتا ہے۔ جب کوئی کیڑا مکوڑا جالے میں پھنستا ہے۔ تو مکڑی فوراً اس پر لپکتی ہوئی دھاگوں میں لپیٹ لیتی ہے۔ پھر یہ کیڑوں کو زہر سے مار دیتی ہے اور کھانے کیلئے استعمال کرتی ہے۔

حشرات کی دُنیا


سکارڈ نمبر: 106

سوال :۔ کیچوے کیا کھاتے ھیں ؟




حشرات کی دُنیا

سکارڈ نمبر :۔ 106



جواب :۔ یہ مٹی کھاتے ہیں زمین میں بہت سے چھوٹے چھوٹے جانور اور مرجھائے ہوئے پتے ہوتے ہیں۔ اسلئے یہ اس مٹی کو شوق سے کھاتے ہیں۔ یہی مٹی ان کے پیٹ میں منہ کے ذریعے جاتی ہے اور دُم کے ذریعے نکلتی ہے اس سے کاشتکار کے لئے زمین بھی زرخیز ہو جاتی ہے کیچوے ہوا کو بھی زمین میں داخل کر دیتے ہیں۔ جو زمین کی زرخیزی میں مدد دیتی ہے کاشتکار کیچوؤں کو پسند کرتے ہیں۔


حشرات کی دُنیا                کارڈ نمبر ۱: 107.



جواب: چیونٹی کے گھر میں بہت سے کمرے ہوتے ہیں۔ کام کرنے والی چیونٹیاں انڈوں کا خیال رکھتی ہیں اور ان کمروں میں بچوں کو خوراک دیتی ہیں۔ گھر میں ملکہ چیونٹی تمام چیونٹیوں کی ماں ہوتی ہے وہ انڈے دیتی ہے جب کہ دوسرے چیونٹیاں ان کا خیال رکھتی ہیں۔


حشرات کی دُنیا                کارڈ نمبر ۲: 107.

سوال: چیونٹی کا گھر کس طرح ہوتا ہے؟




حشرات کی دنیا — کارڈ نمبر: 108

سوال: پتنگے روشنی کے گرد کیوں چکر لگاتے ہیں ؟



حشرات کی دنیا — کارڈ نمبر: 108



جواب: جب رات کو پتنگے ہوتے ہیں تو روشنی ان کو اپنی طرف کھینچتی ہے جب یہ روشن چیز کے قریب جاتے ہیں تو ان کی ایک آنکھ کو دوسری آنکھ کی نسبت زیادہ روشنی ملتی ہے تو یہ اُسکی آنکھ کو روشنی کے قریب رکھنے کے لئے اُسی سمت اُس کے گرد گھومنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس لئے یہ روشنی کے گرد دائرے کی شکل میں گھومتے ہیں۔

حشرات کی دُنیا

کارڈ نمبر:. 109

سوال:. شہد کی مکھیاں کیوں ڈنک مارتی ہیں ؟



حشرات کی دُنیا

کارڈ نمبر:. 109




جواب:. مکھیاں اُس وقت کسی کو ڈنک مارتی ہیں ، جب کوئی ان کے چھتے کو چھیڑتے ہیں یہ انسان جانور اور بعض اوقات دوسرے کیڑے مکوڑوں کو بھی ڈنک مارتی ہیں یہ ڈنک اپنے چھتے اور خاندان کو بچانے کے لئے استعمال کرتی ہیں . ان کو مت چھیڑو تو یہ آپ کو ڈنک نہیں ماریں گی ۔

آبی حیات


کارڈ نمبر: 115


سوال :- مچھلیاں پانی سے باہر کیوں زندہ نہیں رہ سکتیں ؟



آبی حیات

کارڈ نمبر :- 110





جواب :- مچھلیوں کو زندہ رہنے کے لئے ہوا کی ضرورت ہوتی ہے مچھلیاں اپنے یہ ہوا گلپھڑوں کے ذریعے صرف پانی ہی سے حاصل کر سکتی ہیں. اگر مچھلی کو پانی سے باہر نکال دیا جائے تو اس کے گلپھڑے اس کے لئے ہوا حاصل نہیں کر سکتے. اس لئے مچھلیاں پانی سے باہر مر جاتی ہیں.

آبی حیات


کارڈ نمبر: 111

سوال:۔ کیا مچھلیوں کے کان ہوتے ہیں ؟



آبی حیات


کارڈ نمبر: 111





جواب:۔ جب مچھلی کسی کے پاؤں کی حرکت یا کوئی آواز سنتی ہے تو پانی کی تہہ میں جا چھپتی ہے۔ مچھلی اچھی طرح سن سکتی ہے کیونکہ اس کے دو کان سر کے اوپر کی طرف ہوتے ہیں۔ مگر یہ کان ہمیں نظر نہیں آتے جیسے انسانوں کے کان نظر آتے ہیں۔

آبِ حیات
کارڈ نمبر: 112

سوال ۱۔ مچھلیوں کے scales کیوں ہوتے ہیں؟



آبِ حیات
کارڈ نمبر: 112



جواب ۔ مچھلی کا جسم نرم ہوتا ہے اس کے نرم اور نازک جسم کو بچانے کے لئے scales کی ضرورت ہوتی ہے یہ scales حقیقت میں ان کے بدن کا حصہ ہوتا ہے یہ آڑھے ترچھے ایک دوسرے کے اوپر ہوتے ہیں۔ جو مچھلی کو تیرنے میں مدد دیتے ہیں۔
scales جو گول سے دائرے کی شکل کے ہوتے ہیں اس کو گننے سے مچھلی کی عمر کا پتہ چل جاتا ہے۔

آبی حیات


کارڈ نمبر: 113

سوال:۔ بعض مچھلیوں کے مونچھیں کیوں ہوتے ہیں ؟



آبی حیات

کارڈ نمبر: 113





جواب:۔ بعض مچھلیوں کے مونچھیں ہوتے ہیں ۔ جو ان کو خوراک تلاش کرنے میں مدد دیتے ہے ۔ یہ ان مونچھوں سے چیزوں کو مس کرتی ہے ۔ تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ یہ کھانے کے قابل ہیں یا نہیں۔

آبی حیات


کارڈ نمبر: 114

سوال :۔ مچھلیاں عام طور پر اپنے بچوں کی حفاظت کیسے کرتی ہیں؟



آبی حیات


کارڈ نمبر: 114




جواب :۔ بعض مچھلیاں انڈے دینے کے بعد ان کا کوئی غم نہیں کرتیں اور بعض مچھلیاں مامتا کا حق ادا کرتے ہوئے انڈوں سے بچے نکلنے کے بعد ان کی حفاظت کرتی ہیں۔ اور جب کبھی کوئی خطرہ محسوس کرتی ہیں۔ تو اپنے بچوں کو منہ کے ذریعے نگل لیتی ہیں اور خطرہ ٹل جانے پر انہیں پھر منہ کے ذریعے ہی باہر نکال دیتی ہیں۔

آبی حیات — کارڈ نمبر: 115

سوال:۔ کیا اُڑنے والی مچھلی ہوا میں اُڑتی ہے ؟




آبی حیات — کارڈ نمبر: 115



جواب:۔ جی ہاں اُڑنے والی مچھلی ہوا میں اُڑتی ہے۔ جب کوئی دشمن اس پر حملہ آور ہوتا ہے۔ تو یہ پانی میں تیزی سے تیرتی ہے اور پھر پانی سے باہر آکر اُڑ جاتی ہے ۔ جب یہ پانی سے باہر آکر اُڑتی ہے تو یہ اپنی دُم کو بھی حرکت دیتی ہے جس سے اس کی اُڑان میں تیزی آجاتی ہے اس کے چار پر ہوتے ہیں آگے کے دو پر بڑے اور پیچھے کے چھوٹے ہوتے ہیں۔

آبی حیات

کارڈ نمبر: 115




جوابـ:۔ کچھوؤں کی ہڈیاں نرم ہوتی ہیں۔ یہ ہڈیاں آسانی سے ٹیڑھی ہو جاتی ہے جب کچھوے پر کوئی دشمن حملہ کرتا ہے یا موسم سرما میں سونے کے لئے پانی کے نیچے جاتا ہے تو وہ اپنا سر ٹانگیں اور دُم ڈھال کے اندر چھپا لیتا ہے۔

آبی حیات


کارڈ نمبر: 116

سوال:۔ کچھوے اپنے آپ کو ڈھال میں کسطرح چھپا لیتے ہیں؟




آبی حیات — کارڈ نمبر: 116

سوال:۔ مچھلیاں کیونکر پھول جاتی ہیں؟



آبی حیات — کارڈ نمبر: 117




جواب:۔ بعض مچھلیاں اپنے جسم میں پانی داخل کر لیتی ہیں۔ اور ان کا جسم پھول جاتا ہے اس سے وہ بڑی نظر آتی ہیں۔ اور دشمن بھی ان سے ڈر کر بھاگ جاتا ہے اسی طرح بہت سے پرندے اپنے پروں کو پھیلا کر اسے دشمن کو بھگاتے ہیں۔

آبی حیات

کارڈ نمبر: 118

سوال: کیا آپکو معلوم ہے کہ کچھوے مچھلیاں پکڑتے ہیں؟



آبی حیات


کارڈ نمبر: 118




جواب: جی ہاں۔ کچھوے مچھلیاں پکڑتے ہیں اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ کچھوے تیزی سے حرکت نہیں کر سکتے لیکن بعض اوقات بہت تیزی سے حرکت کرتے ہیں جب رات کو مچھلیاں سو رہی ہوتی ہیں تو یہ بہت خاموشی سے اچانک اُن پر حملہ آور ہوتے ہیں اور اُنہیں پکڑ کر کھا لیتے ہیں۔

آبی حیات          سارڈ نمبر: 119

سوال:۔ شارک مچھلیاں انسانوں پر کیوں حملہ آور ہوتی ہیں ؟



آبی حیات          سارڈ نمبر: 119



جواب:۔ شارک مچھلیاں دوسری چیزوں کو کھاتی ہیں. زیادہ تر شارک مچھلیاں انسانوں پر حملہ نہیں کرتیں. لیکن بعض شارک جن کو سفید شارک کہتے ہیں. انسانوں پر حملہ آور ہوتی ہیں۔


ان کے دانت بہت تیز اور لمبے ہوتے ہیں. اور عموماً بڑی مچھلیوں کو کھاتی ہیں. ایک آدمی بھی شارک کے لئے ایک بڑی مچھلی کی طرح ہوتا ہے اس لئے انسانوں پر حملہ کرتی ہیں. شارک کے سونگھنے کی حس بھی بہت تیز ہوتی ہے اور کافی دور سے خون کی بُو سونگھ لیتی ہیں۔

شارک مچھلیاں صرف حرکت کے وقت سانس لیتی ہیں. اسلئے وہ مسلسل متحرک رہتی ہیں. اگر وہ کسی چیز میں پھنس جائیں اور ان کی حرکت نہ ہو جائے تو وہ مر جاتی ہیں۔

آبی حیات


کارڈ نمبر: 120

سوال ۷۔ کیا سیپیاں جسامت میں بڑھتی ہیں ؟



آبی حیات

کارڈ نمبر: 120




جواب ۱۔ جی ہاں یہ بڑھ سکتی ہیں۔ جس طرح مچھلی کا خول جسامت میں بڑھتا ہے اسی طرح سیپیاں بھی جسامت میں بڑھتی ہیں۔ سیپی مچھلی کا گھر ہوتا ہے۔ اور یہ اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی جب سیپی جسامت میں بڑھتی ہے تو اس پر لکیریں پیدا ہو جاتی ہے۔ ان لکیروں سے سیپی کی عمر کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

آبی حیات


کارڈ نمبر: 121

سوال :۔ کیا مچھلیاں سوتی ہیں ؟



آبی حیات

کارڈ نمبر :۔ 121



جواب :۔ جی ہاں مچھلیاں سوتی ہیں۔ جب انہیں نیند آتی ہے تو یہ پانی کے نیچے چلی جاتی ہیں اور خاموشی سے سو جاتی ہیں۔ مچھلیاں اپنی آنکھیں بند نہیں کر سکتیں۔ کیونکہ ان کی پلکیں نہیں ہوتیں بعض مچھلیاں دن کو سوتی ہیں اور رات کو خوراک تلاش کرتی ہیں۔ جب کہ بعض مچھلیاں رات کو سوتی ہیں۔ اور دن کو خوراک تلاش کرتی ہیں۔

آبی حیات


کارڈ نمبر 122

سوال :۔ موسم سرما میں مینڈک کیا کرتے ہیں ؟



آبی حیات

کارڈ نمبر :122




جواب :۔ سردی کے موسم میں مینڈک سونے کے لئے زمین کے نیچے جاتے ہیں، دوسرے لفظوں میں یہ موسم سرما میں سونے سے پہلے بہت زیادہ کھا لیتا ہے اس طرح سے مینڈک بہت زیادہ خوراک جمع کر لیتا ہے جو موسم سرما میں نیند کے لئے کافی ہوتا ہے اس طریقے سے سانپ بھی سونے کے لئے موسم سرما میں جاتے ہیں ۔

موسم


کارڈ نمبر 123

سوال :۔ موسم کیسے تبدیل ہوتا ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر 123





جواب :۔ آسمان میں ہوا ہر وقت حرکت میں رہتی ہے ۔
اور بادل اُن ہواؤں کے ساتھ حرکت کرتے ہیں
تو موسم تبدیل ہوتا ہے ۔ پس یہ ہوا ہی ہے ۔ جو
موسم میں تبدیلی لاتی ہے ۔


موسم

کارڈ نمبر: 124

سوال :۔ بادل کیسے بنتے ہیں ؟








موسم

کارڈ نمبر: 124



جواب :۔ سورج دریاؤں اور زمین پر جہاں بھی پانی ہو۔ ان کو گرم کر دیتے ہیں۔ جب یہ پانی گرم ہو جاتا ہے تو یہ آبی بخارات میں تبدیل ہونے لگتا ہے۔ ہم اسے دیکھ نہیں سکتے لیکن یہ آبی بخارات جو ہمارے اردگرد ہوتے ہیں۔ آسمان کی طرف اُٹھ جاتے ہیں۔ جب یہ آبی بخارات اوپر اٹھتے ہیں، تو یہ ٹھنڈے ہو جاتے ہیں، پھر یہ پانی کے چھوٹے چھوٹے قطروں اور برف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں جب یہ بہت قطرے اور برف کے ٹکڑے آپسمیں مل جاتے ہیں۔ تو بادل بن جاتے ہیں

موسم

کارڈ نمبر: 125

سوال :۔ بارش کیوں ہوتی ہے ؟




موسم

کارڈ نمبر: 125




جواب :۔ بارش کے بادل پانی کے بہت سے قطروں اور برف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر مشتمل ہوتے ہیں ۔ جب یہ قطرے بھاری ہو جاتے ہیں ۔ تو یہ زمین کی طرف گرنے شروع ہو جاتے ہیں برف کے ٹکڑے جسامت میں بڑھتے ہیں اور پھر پگھل کر بارش کی صورت میں زمین پر گرتے ہیں ۔

سَوال ۔ بادل ہمیں مختلف شکلوں میں کیوں دکھائی دیتے ہیں ؟








جواب ۔ بادلوں کی مختلف اشکال ان کی بلندی پر منحصر ہوتی ہیں. زیادہ بلندی پر یہ بادل سفید پروں کی مانند نظر آتے ہیں. کم بلندی پر روئی کے گالوں کی طرح نظر آتے ہیں لیکن صرف بلندی کی وجہ سے ہی ان کی اشکال نہیں بدلتی بلکہ ہوا کی وجہ سے بھی انکی شکلیں بدلتی رہتی ہیں.

موسم


کارڈ نمبر ۱۔ 127

سوال ۱۔ آسمان پر بجلی کی چمک کیسے پیدا ہوتی ہے؟



موسم

کارڈ نمبر ۲۔ 127




جواب ۱۔ بادلوں کی کڑک سے بجلی پیدا ہوتی ہے۔
آپ نے دیکھا ہوگا۔ کہ بادلوں میں بجلی کی
چمک ایک جگہ سے دوسری جگہ پیدا ہوتی ہے
بعض اس کی چمک زمین کی طرف آجاتی ہے۔
تو کڑک پیدا ہوتی ہے۔

موسم


کارڈ نمبر:- 128

سوال :- بجلی کی کڑک کیساتھ گڑگڑاہٹ کیوں ہوتی ہے؟



موسم

کارڈ نمبر:- 128




جواب :- یہ آپ جانتے ہی ہیں۔ کہ بادلوں میں بجلی کی حرکت سے کڑک پیدا ہوتی ہے۔ وہی حرکت جب ہوا کے ساتھ ٹکراتی ہے تو اس سے دھماکہ پیدا ہوتا ہے۔ جن کو گھن گرج کہتے ہیں۔

موسم


کارڈ نمبر ۱ - 129

سوال :۔ کُہر کیوں پیدا ہوتی ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر ۱ - 129




جواب :۔ کُہر بادل کی طرح ہوتی ہے جو زمین کے قریب ہوتی ہے ۔ یہ اس وقت پیدا ہوتی ہے ۔ جب گرم نمدار ہوا ٹھنڈی زمین کے اوپر سے گذرتی ہے تو اس وجہ سے ہوا ٹھنڈی ہو جاتی ہے اور آبی بخارات قطروں میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور کُہر پیدا ہوتی ہے ہم عموماً کُہر صبح کے وقت دیکھتے ہیں ، کیونکہ رات کے وقت زمین ٹھنڈی ہو جاتی ہے

موسم


کارڈ نمبر ۱۳۰

سوال :۔ دُھند اور بادلوں میں کیا فرق ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر ۱۳۰۔




جواب ۱۔ آپ نے سردیوں میں دُھند کا مشاہدہ کیا ہوگا۔
اور یقیناً اس میں گھومے پھرے ہوں گے ۔ اس میں
نمی ہوتی ہے اور ٹھنڈک بھی محسوس ہوتی ہے ۔
بادل دُھند کی طرح ہی ہوتے ہیں۔ فرق صرف یہ ہے
کہ دھند زمین کے قریب ہوتی ہے۔ اور بادل بلندی پر۔

موسم


کارڈ نمبر:۔ 131

سوال :۔ بارش کے بعد کیڑے مکوڑے زمین پر کیوں رینگتے نظر آتے ہیں؟



موسم

کارڈ نمبر:۔ 131




جواب :۔ کیڑے مکوڑے ہوا میں سانس لیتے ہیں۔ بارش کا پانی کیڑے مکوڑوں کے بلوں میں جاتا ہے۔ تو ہوا کی آمدورفت کے لئے راستہ رُک جاتا ہے اگر وہ زمین کی سطح پر نہ آئیں تو وہ پانی میں ڈوب کر مرجائینگے

موسم

کارڈ نمبر ۱. 132

سوال :۔ موسمی ہواؤں (مون سون) سے کیا مراد ہے؟



موسم

کارڈ نمبر ۱. 132



جواب :۔ موسم گرما میں سورج کی شعاعیں جب ایشیا کے بہت سے ممالک پر عموداً پڑتی ہیں۔ تو میدانی علاقے سمندری علاقوں کی نسبت زیادہ گرم ہوتے ہیں۔ میدانی علاقوں کی ہوا سمندری علاقوں کی ہوا کی نسبت زیادہ گرم ہو جاتی ہے اور گرم ہو کر پھیلتی ہے میدانی علاقوں میں ہوا کا دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے سمندروں کی آبی بخارات سے لدی ہوتی ہوائیں میدانوں کی طرف چلتی ہیں جو پہاڑوں سے ٹکرا کر بارش برساتی ہیں

موسم

کارڈ نمبر ۱ - 133


سوال :۔ بجلی کہاں گرتی ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر ۲ - 133




جواب :۔ بجلی ہمیشہ بلند جگہوں اور درختوں پر گرتی ہے۔ بجلی پیتل کی چیزوں پر گرتی ہے۔ اگر آپ کسی کھلے میدان میں کھیل رہے ہوں۔ تو میدان سے نکل کر محفوظ جگہ پر پناہ لے لیں اور اگر آپ ندی میں تیر رہے ہوں تو ندی سے نکل کر باہر آجائیں۔

موسم


کارڈ نمبر: 134

سوال :- کیا آپ جانتے ہیں کہ غروب آفتاب کے وقت سُرخی اچھے موسم کی نشانی ہے؟



موسم

کارڈ نمبر:- 134



جواب :- بادل جو بارش لاتے ہیں یا جو سورج کو چھپاتے ہیں ۔اُس سمت سے آتی ہے ۔جہاں پر سورج غروب ہوتا ہے اگر اُس سمت میں بادل نہ ہوں تو غروب آفتاب سُرخ ہوگا ۔پس اگر آپ غروب آفتاب کے وقت چمکدار سرخی دیکھیں تو آپ جان جائینگے کہ اگلے دن موسم بہتر ہوگا

موسم


کارڈ نمبر:- 135

سوال :- آندھیاں کیوں آتی ہیں ؟



موسم

کارڈ نمبر ا- 135




جواب :- جب کسی مقام پر سورج کی حرارت سے ہوا
زیادہ گرم ہو جائے تو یہ پھیل جاتی ہے. ہوا پھیل
کر ہلکی ہوتی ہے. اور ہلکی ہو کر اوپر اٹھتی ہے
اس کی جگہ لینے کے لئے ٹھنڈی ہوا آتی ہے اسطرح ہوا
کا چکر پیدا ہوتا ہے جسے آندھی کہتے ہیں۔

موسم


کارڈ نمبر:- 136

سوال :- پتنگ کیوں ہوا میں اُڑتی ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر:- 136




جواب :- پتنگ اُس وقت ہوا میں اڑتی ہے ۔ جب ہوا اُس سے ٹکراتی ہے لیکن ہوا بھی اُسی طاقت سے حرکت کرتی ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو پتنگ گھومتے گھومتے زمین پر گرنے لگتی ۔

موسم

کارڈ نمبر: 137

سوال :۔ دھوپ کی موجودگی میں بارش کیوں برستی ہے ؟



کارڈ نمبر: 137

موسم




جواب :۔ بعض اوقات اُس وقت بھی بارش ہوتی ہے ۔ جب سورج بھی چمک رہا ہوتا ہے اور بادل بھی نہیں ہوتے تیز ہوائیں بادلوں کو لاتی ہیں ۔ جو بارش کا سبب بنتے ہیں ۔ دھوپ میں بادل بہت اُونچائی سے بارش برساتے ہیں ۔ جونہی بارش زمین پر گرتی ہے تو یہ بادل چھپ جاتے ہیں ۔ درحقیقت یہ بادل بارش کے قطروں میں تبدیل ہو جاتے ہیں ۔

موسم


کارڈ نمبر: 138

سوال :۔ قوسِ قزح کیوں پیدا ہوتا ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر: 138



جواب :۔ آپ نے یقیناً اندازہ لگایا ہوگا. کہ آپ رات کو قوس قزح نہیں دیکھ سکتے. اور آپ اُس وقت بھی نہیں دیکھ سکتے جب بادل ہوں یا بارش ہو رہی ہو. قوس قزح بارش برسنے کے بعد یا دھوپ میں بارش کے بعد پیدا ہوتا ہے ہم اُس وقت قوس قزح دیکھتے ہیں ۔
جب سورج کی شعاعیں ہوا میں قطروں سے منعکس ہو جاتی ہے ۔

موسم


کارڈ نمبر :- 139

سوال :۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ اولے کیوں برستے ہیں؟



موسم

کارڈ نمبر :۔ 139



جواب :۔ آسمان میں بہت اوپر ٹھنڈک ہوتی ہے ۔ اگر موسم گرم بھی ہو تو بادلوں کے اوپر پانی کے چھوٹے قطرے منجمد ہو کر برف کے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں ، یہ برف کے ٹکڑے اولے بن جاتے ہیں ، پھر یہ اولے بہت تیزی کے ساتھ زمین پر گرتے ہیں اور یہاں تک کہ گرم موسم میں بھی زمین تک پہنچنے تک نہیں پگھلتیں

موسم

کارڈ نمبر:۔ 140

سوال:۔ برف پہاڑوں کی ایک طرف کیوں پڑتی ہے؟



موسم

کارڈ نمبر:۔ 140



جواب:۔ موسم سرما میں ٹھنڈی ہوائیں سمندر سے خشکی کی طرف چلتی ہیں۔ یہ ہوائیں اپنے ساتھ بادل لاتی ہیں۔ اور انہیں پہاڑوں تک پہنچا دیتی ہیں۔ پہاڑوں کی چوٹیاں ٹھنڈی ہوتی ہیں۔ اور وہ ان بادلوں کو بھی ٹھنڈا کر دیتی ہیں۔ چنانچہ ان ٹھنڈے بادلوں سے پہاڑوں کی اُس سمت جو سمندر کے سامنے ہوتی ہے برف گرتی ہے اور دوسری سمت کا موسم خشک رہتا ہے۔

موسم


کارڈ نمبر:۔ 141

سوال :۔ سردیوں میں صبح کے وقت منہ سے نکلنے والی ہوا کیوں سفید نظر آتی ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر:۔ 141




جواب :۔ وہ ہوا جو سانس کے ذریعے باہر نکلتی ہے ۔
اُن میں آبی بخارات زیادہ ہوتے ہیں ،
سرد علاقوں میں یہ گرم نمدار ہوا ٹھنڈی ہو کر
سرد ہو جاتی ہے اور پانی کے چھوٹے چھوٹے قطروں
میں تبدیل ہو جاتی ہے یہ قطرے سفید نظر آتے ہیں
اور بعض وقت کہر کی مانند نظر آتے ہیں ۔

موسم

کارڈ نمبر: 142

سوال: پہاڑ کی چھوٹی بہت سرد ہوتی ہے اگرچہ یہ سورج کے قریب ہوتا ہے ؟



موسم

کارڈ نمبر: 142



جواب: سورج سطح زمین کو پہلے گرما کشش دیتی ہے

اور پھر سطح کے قریب ہوا کو گرم کر دیتی ہے

گرم ہوا پھیل کر اوپر آسمان کی طرف بلند ہو کر


ٹھنڈی ہو جاتی ہے اسلئے نیچے زمین گرم ہوتی ہے


اور اوپر پہاڑوں پر ٹھنڈک یا سردی ہوتی ہے

موسم

کارڈ نمبر ۱۔ 143


سوال ۔۔ سایے کیسے بنتے ھیں ۔






موسم

کارڈ نمبر ۲۔ 143







جواب ۔۔

جواب ۱۔ جب کوئی چیز روشنی کے سامنے آجائیں تو سایہ بنتا ہے۔ جب روشنی آپ کے سامنے ہو تو آپ سایہ دار تصویریں بنا سکتے ہیں۔ آپ ہاتھوں سے لومڑی پرندے اور بکری کی تصویریں بنا سکتے ہیں۔

موسم

کارڈ نمبر: 144

سوال: چھڑکاؤ سے ہم کیسے ٹھنڈا پن محسوس کرتے ہیں؟



موسم

کارڈ نمبر: 144




جواب: جب ہم زمین پر پانی کا چھڑکاؤ کرتے ہیں۔
تو زمین کی حرارت پانی کو گرم کر دیتی ہے۔
چونکہ یہ آبی بخارات کو گرم کرتی دیتی ہے، اور
تیزی سے اوپر اڑ جاتی ہے اور زمین کے درجہ
حرارت کو کم کر دیتی ہے اور جب درجہ حرارت کم
ہو جاتا ہے اور ہم قدرتی طور پر ٹھنڈک محسوس کرتے ہیں

موسم

کارڈ نمبر: 145

سوال ۱: سایے کیوں لمبے اور چھوٹے ہو جاتے ہیں۔



موسم

کارڈ نمبر: 145




جواب ۱: جب آپ کسی روشنی کے قریب جائیں گے۔ تو آپ کا سایہ بڑا ہو گا۔ اور جب روشنی سے دور ہوتے جائیں گے تو آپ کا سایہ لمبا ہوتا جائے گا۔ اگر آپ روشنی کے نیچے ہوں گے۔ تو آپ کا سایہ چھوٹا ہو گا۔

پہیے اور پَر


کارڈ نمبر: 146

سوال:۔ کاریں کیسے چلتی ہیں۔ ؟




پہیے اور پَر

کارڈ نمبر: 147




جواب :۔ کار کے انجن میں پسٹن ہوتے ہیں۔ مختلف سلنڈروں میں ہوا اور پٹرول کے آمیزہ کو بجلی کے شُعلے کے ذریعے دھماکہ سے جلایا جاتا ہے۔ اس دھماکہ سے بہت زیادہ طاقت پیدا ہوتی ہے۔ اور پسٹن اوپر نیچے حرکت کرنے لگتے ہیں۔ اس حرکت کی وجہ سے کرینک شافٹ حرکت میں آتے ہیں اور کرینک شافٹ کی حرکت پہیوں کو گھماتی ہے۔

پہیے اور پَر


کارڈ نمبر 147

سوال:۔ ٹرک اور بسیں سامنے سے چپٹے کیوں ہوتی ہیں۔؟




پہیے اور پَر

کارڈ نمبر 147





جواب:۔ ٹرکوں اور بسوں میں ڈرائیور کی نشست کافی بلند ہوتی ہے۔ اگر سامنے کا حصہ چپٹا نہ ہو تو ڈرائیور دور کی چیزیں تو بہ آسانی دیکھ سکیں گے مگر نزدیک کی چیزیں اُسے نظر نہ آئیں ۔ سامنے کے حصے کے چپٹا ہونے سے وہ نزدیک کی چیزیں بھی دیکھ سکتا ہے۔

پہیئے اور پُر

کارڈ نمبر: 148


سوال:۔ بڑے ٹرکوں کے ٹائر زیادہ کیوں ہوتے ہیں۔؟





پہیئے اور پُر

کارڈ نمبر: 148




جواب:۔ جب کسی ٹرک کے ذریعے بہت زیادہ بوجھ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ہو تو اُس کے ٹائروں کی تعداد بڑھا دی جاتی ہے۔ بوجھ متعدد ٹائروں پر برابر منقسم ہو جاتا ہے۔ اس لئے کسی ایک ٹائر پر زیادہ بوجھ نہیں پڑتا اس سے ٹرک کے ٹائر بھی زیادہ چلتے ہیں اور سڑک کی سطح پر بوجھ پھیل کر (منقسم ہو کر) پڑتا ہے۔ اس لئے سڑک کی سطح بہت زیادہ بوجھ کی وجہ سے بیٹھ نہیں جاتی

پہیئے اور پَر


کارڈ نمبر: ۱۴۹

سوال:۔ آگ بجانے والی گاڑیاں سائرن کیوں بجاتی ہے ؟



پہیئے اور پَر

کارڈ نمبر: ۱۴۹




جواب:۔ آگ بجھانے والی گاڑیاں بہت تیز چلتی ہیں اور سائرن لوگوں لوگوں کو خبردار کرتا ہے کہ وہ راستہ چھوڑدیں تاکہ یہ گاڑیاں تیزی سے جاسکیں۔ یہ گاڑیاں باقی گاڑیوں سے بھی آگے نکل جاتی ہیں اور ٹریفک کے اشاروں کی بھی پرواہ نہیں کرتیں۔ اسکے علاوہ ایمبولنس اور پولیس کی گاڑیاں بھی حادثہ کی صورت میں بہت تیزی سے چلتی ہیں اور ٹریفک کی پرواہ کئے بغیر جائے وقوعہ پر پہنچنے کی کوشش کرتی ہیں۔

پہیے اور پَر


کارڈ نمبر: ۱۵۰

سوال :- کیا موٹر سائیکل پر سوار پولیس کے سپاہی ہر جگہ موجود ہوتے ہیں ؟



پہیے اور پَر

کارڈ نمبر: ۱۵۰




جواب :- بہت سے ملکوں میں پولیس کے سپاہی موٹر سائیکلوں پر سوار سڑکوں پر گھومتے نظر آتے ہیں ۔ اِن کی موٹر سائیکل رنگ اور ساخت کے لحاظ سے مختلف ہو سکتے ہیں مگر ان کے کام کی نوعیت ایک جیسی ہوتی ہے ۔ یہ اُن لوگوں کے خلاف حرکت میں آتے ہیں جو ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہیں ۔

پہیے اور پَر


کارڈ نمبر: 151

سوال :- ریل گاڑیوں کا رُخ کیسے موڑا جاتا ہے ؟



پہیے اور پَر

کارڈ نمبر: 151




جواب :- کاروں اور بسوں میں سٹیرنگ لگے ہوتے ہیں - اور ڈرائیور اس سٹیرنگ کو گھما کر کا رُخ متعین کرتے ہیں۔ ریل گاڑیوں میں اس قسم کا سٹیرنگ نہیں ہوتا۔ ریل گاڑی کے پہیوں کی اندرونی سطح پر ریم ہوتے ہیں اور اِس کی وجہ سے پہیے ریل کی پٹڑی کے اُوپر خود ہی اپنا رُخ تبدیل کر لیتا ہے۔ اسطرح پٹڑی کو موزوں سمت میں جانے میں مدد دیتی ہے۔

کارڈ نمبر: 152


پہیئے اور پر


سوال:۔ جہاز کیسے اُڑتے ہیں ؟



کارڈ نمبر: 152

پہیئے اور پر






جواب:۔ جہاز جب رَن وے پر تیزی سے دوڑتے ہیں تو تیز ہَوا اُنکے پَروں سے ٹکراتی ہے اور ہَوا کی اِسی طاقت سے جہاز ہَوا میں اُوپر اُڑتے ہیں۔

پہیے اور پَر


کارڈ نمبر: 153


سوال :- بحری جہاز سمندر میں کیسے چلتے ہیں۔؟



پہیے اور پَر

کارڈ نمبر: 153






جواب :- بحری جہاز کے انجن کی طاقت سے اِن کے سامنے لگے ہوئے پنکھے گھومتے ہیں۔ اِن پنکھوں کے پَر پانی کو پیچھے کی طرف دھکیلتے ہیں۔ اور جہاز آگے کو بڑھتا رہتا ہے۔ پُرانے زمانے میں لوگ بادبانی جہازوں میں سفر کرتے تھے۔ اٹھارویں صدی میں دخانی انجن کی ایجاد کے بعد اُنسویں صدی میں دخانی جہازوں نے بادبانی جہازوں کی جگہ لے لی۔

پہیئے اور پَر


کارڈ نمبر: 15/4

سوال :- سڑک کی کونسی سمت پر گاڑیوں کو چلنا چاہیئے ؟



پہیئے اور پَر

کارڈ نمبر: 15/4



جواب :- ہمارے ملک پاکستان میں گاڑیاں بائیں سمت چلتی ہے۔ گاڑی کا اسٹیرنگ دائیں طرف کو ہوتا ہے۔ دوسرے ممالک میں گاڑیاں دائیں سمت چلتی ہے اور گاڑی کا اسٹیرنگ بھی بائیں طرف کو ہوتا ہے۔ اس سے ڈرائیور کو آنے والی گاڑیوں کا پتہ چلتا ہے۔ آسٹریلیا، برطانیہ، جاپان اور پاکستان میں سٹیرنگ بائیں طرف ہوتا ہے۔ اور دوسرے ممالک مثلاً امریکہ، سعودی عرب روس وغیرہ میں سٹیرنگ دائیں طرف ہوتا ہے۔

پہیے اور پر


کارڈ نمبر: 155

سوال:- ہیلی کاپٹر کیسے پرواز کرتا ہے؟




پہیے اور پر


کارڈ نمبر: 155



جواب۔ ہیلی کاپٹر اپنے اُفقی حرکت کرنے والے پنکھے کے گھومنے سے اُڑتا ہے۔ یہ پنکھا پروں کی مانند ہوتا ہے۔ اس کے تیز گھومنے سے ہیلی کاپٹر میں پرواز کرنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ ہیلی کاپٹر کے پنکھوں کی تعداد دو سے زائد بھی ہو سکتی ہے۔ چار پنکھوں والا ہیلی کاپٹر بہت آدمیوں کو اُٹھا سکتا ہے۔ پنکھوں کے دائیں یا بائیں جانب جھکاؤ سے پرواز کی سمت تبدیل کی جا سکتی ہے۔ اسے رَن وے کی ضرورت نہیں ہوتی یہ اپنی جگہ سے پنکھوں کی گردش کی وجہ سے سیدھا اُٹھتا ہے اور ہوا میں اُڑنے کے ساتھ ساتھ ہوا میں کھڑا بھی ہو سکتا ہے۔

ارض وسمار کارڈنمبر 156

سوال:۔ دریا کہاں سے نکلتے ہیں ؟



ارض وسمار کارڈنمبر 156




جواب :۔ جب بارش پہاڑوں پر ہوتی ہے تو پہاڑوں سے پانی
کی چھوٹی ندیاں بہنے لگتی ہیں ۔ اور نیچے زمین کی طرف آجاتی ہیں
جب بہت سے ندیاں آپس میں ملتی ہیں تو دریا کی شکل اختیار
کر لیتی ہیں ۔

اَرض وسماں


کارڈ نمبر: 157

سوال :- سمندر نیلا کیوں نظر آتا ہے ؟



اَرض وسماں


کارڈ نمبر: 157



جواب :- سورج کی شعاعیں جب سطح سمندر پر پڑتی ہیں تو صرف نیلا رنگ منعکس ہوتا ہے اور باقی سب رنگ پانی میں جذب ہو جاتے ہیں اس لئے ہمیں سمندر نیلا نظر آتا ہے۔

ارض وسماء
کارڈ نمبر 158

سوال :۔ لہریں پیدا ہونے کی وجہ کیا ہے ؟




ارض وسماء
کارڈ نمبر 158



جواب :۔ لہریں تیز ہواؤں کے چلنے سے پیدا ہوتی ہیں ۔ جب تیز ہوائیں چلتی ہیں تو دریا اور سمندر میں مدوجزر پیدا ہوتے ہیں ۔ آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ جب ہوائیں نہیں چلتیں تو لہریں پیدا نہیں ہوتیں اور دریا سمندر میں سکون رہتا ہے، اور جب تیز ہوائیں چلتی ہیں تو دریا میں تیز لہریں پیدا ہوتی ہیں ۔ جو طغیانی کا باعث بنتی ہیں ۔


ارض وسماء　　　　کارڈ نمبر 159


سوال :۔ سمندر کا پانی نمکین کیوں ہوتا ہے ؟



ارض وسماء　　　　کارڈ نمبر 159

سمندر کے پانی سے نمک حاصل ہوتی ہے






١٠٠ گرام سمندری پانی سے 3 فی صد نمک حاصل ہوتی ہے


جواب :۔ بہت عرصے سے نمک پانی میں حل ہوکر سمندر میں پہنچ جاتا ہے یہ نمک بارش اور تیز ہوا کی وجہ سے دریاؤں میں شامل ہو جاتا ہے اور انہی دریاؤں سے پھر سمندر کے پانی میں شامل ہو جاتا ہے ۔ چونکہ سمندر میں ایسی پانی کا ذخیرہ ہوتا رہتا ہے اس لئے سمندر کا پانی نمکین ہوتا ہے ۔

ارض وسما ر — کارڈ نمبر 165

سوال : صحرا میں درخت کیوں نہیں اُگتے ؟




ارض وسما ر — کارڈ نمبر 165




جواب : صحرا میں بارشیں بہت کم ہوتی ہیں۔ اس لئے پانی کی سخت قلت رہتی ہے اگرچہ چند چھینٹے پڑ بھی جائیں تو ریت سارا پانی جذب کر لیتی ہے۔ اور پانی زمین کی تہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس لئے صحرا میں درخت نہیں اُگ سکتے۔

ارض و سماں۔ کارڈ نمبر ۱۶۱

سوال :- گرم چشمے کیسے بنتے ہیں۔؟



ارض و سماں۔ کارڈ نمبر ۱۶۱




جواب :- زمین کی اندرونی تہوں میں موجود پانی زمین کے اندر کے لاوا یا لاوا سے پیدا ہونے والی بھاپ سے گرم ہو جاتا ہے۔ اور یہ قدرتی طور پر گرم ہونے والا پانی سطح زمین پر گرم چشمے کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔

ارض وسمار


کارڈ نمبر 162

سوال :۔ آسمان نیلا کیوں ہوتا ہے ؟



ارض وسمار

کارڈ نمبر 162




جواب :۔ روشنی سات رنگوں سے بنی ہے جنہیں ہم اپنی آنکھوں سے علیحدہ علیحدہ نہیں دیکھ سکتے . جب سورج کی روشنی زمین پر پڑتی ہے تو نیلا رنگ دوسرے رنگوں سے علیحدہ ہو جاتا ہے اور ہوا میں شامل ہو جاتا ہے . جدا ہو کر نیلا رنگ رونما ہو جاتا ہے اور اس لئے ہمیں آسمان نیلا نظر آتا ہے .

ارض وسماء


کارڈ نمبر 163

سوال :- سورج گھومتا ہوا کیوں معلوم ہوتا ہے ؟



ارض وسماء

کارڈ نمبر 163



جواب :- جب گاڑی چل رہی ہوتی ہے . تو مسافروں کو سڑک کے قریب کی ساکن چیزیں متحرک نظر آتی ہیں . اِسی طرح زمین اپنے محور کے گرد مشرق سے مغرب کی سمت حرکت کرتی ہے . تو زمین پر رہنے والوں کو سورج اور دوسری چیزیں اس کے گرد گھومتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں جب کہ یہ اشیاء ساکن اور زمین متحرک ہوتی ہے .

ارض وسماء


کارڈ نمبر 164

سوال :۔ اگرچہ زمین گول ہے لیکن ہمیں چپٹی کیوں نظر آتی ہے؟



ارض وسماء

کارڈ نمبر 164




جواب :۔ زمین بہت زیادہ بڑی اور ہم بنی نوع انسان اس کے مقابلے میں بہت چھوٹے ہیں۔ اسلئے ہم سطح زمین کا بہت تھوڑا حصہ دیکھ سکتے ہیں اور ہمیں ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے کہ ہمارے اردگرد کی زمین چپٹی ہے۔

ارض وسماء


کارڈ نمبر 165

سوال:۔ چاندنی کیا ہوتی ہے؟




ارض وسماء

کارڈ نمبر 165




جواب:۔ سورج کی شعاعیں چاند پر پڑتی ہیں۔ اور یہی شعاعیں رات کے وقت چاند سے منعکس ہو کر زمین پر پڑتی ہیں تو چاند ہمیں منور دکھائی دیتا ہے اور زمین روشن ہو جاتی ہے۔ جسے ہم چاندنی کہتے ہیں۔

ارض وسماء

کارڈ نمبر 166

سوال :- چاند طلوع ہوتے وقت زیادہ بڑا کیوں دکھائی دیتا ہے؟



ارض وسماء

کارڈ نمبر 166




جواب :- چاند جب طلوع ہوتا ہے۔ تو درحقیقت آسمان میں اسی جسامت کا ہوتا ہے۔ لیکن اُفق میں موجود دوسری چیزیں جسامت میں اس سے بہت چھوٹی ہوتی ہیں۔ اس لئے یہ اس کے مقابلہ میں بڑا نظر آتا ہے۔

ارض وسماء


کارڈ نمبر 167


سوال:۔ چاند پر یہ سائے کیوں ہوتے ہیں ؟



ارض وسماء

کارڈ نمبر 167






جواب:۔ بہت عرصہ پہلے چاند کے اندر کی چٹانیں پگھل پگھل کر لاوا کی صورت میں اسکی سطح زمین پر منجمد ہوتی رہیں اور حصہ تاریک ہوگیا اس حصے سے سورج کی شعاعیں منعکس نہیں ہوسکتیں، اور سائے سے نظر آتے ہیں۔

ارض وسما


کارڈ نمبر 168


سوال :۔ دن کو تارے کیوں نظر نہیں آتے ؟




ارض وسما

کارڈ نمبر 168







جواب :۔ تارے واضح طور پر رات کی تاریکی میں آسمان پر نظر آتے ہیں۔ لیکن دن کے وقت سورج کی روشنی آسمان کو بہت زیادہ منور کر دیتی ہے اور ہم تارے نہیں دیکھ سکتے ۔

ارض وسماء
کارڈ نمبر 169

سوال:۔ تارے کیوں ٹمٹماتے ہیں؟



ارض وسماء
کارڈ نمبر 169




جواب:۔ ہوا ساکن نہیں ہوتی اور تاروں کی روشنی مختلف اطراف میں ہوا کی وجہ سے ہم تک پہنچتی ہے چنانچہ ہوا کی حرکت کی وجہ سے تارے ٹمٹماتے نظر آتے ہیں۔

ارض وسماء

کارڈ نمبر ۱۷۵


سوال:۔ شہاب ثاقب کہاں جاتے ہیں ؟



ارض وسماء

کارڈ نمبر ۱۷۵







جواب:۔ شہاب ثاقب چھوٹے چھوٹے ذروں پر مشتمل ہوتے ہیں۔
جو ہوا میں سے گذرتے ہوئے گرم ہو جاتے ہیں۔ جب یہ زمین کی فضاء
میں داخل ہوتے ہیں، تو جل کر غائب ہو جاتے ہیں۔

ارض وسمار
کارڈ نمبر ۱۷۱

سوال :- سورج کتنا چمکدار اور گرم ہے ؟



ارض وسمار
کارڈ نمبر ۱۷۱




جواب :- اگر ساری دنیا کی روشنی دینے والی چیزوں کو اکٹھا کیا جائے تو سورج کی روشنی اس سے بھی بہت زیادہ ہے سورج بہت زیادہ گرم ہے ، اور بہت زیادہ روشنی اور گرمی دیتا ہے ۔

ارض وسماء


کارڈ نمبر 172

سوال :۔ چاند اپنی شکل کیوں بدلتا رہتا ہے ؟




ارض وسماء


کارڈ نمبر 172





جواب :۔ زمین کے گرد گردش کی وجہ سے چاند کی اشکال بدلتی رہتی رہیں اس لئے کبھی آدھا یا اس سے بھی کم اور کبھی بالکل نظر نہیں آتا جب نیا چاند نکلتا ہے تو ہمیں آسانی سے دکھائی نہیں دیتا کیونکہ یہ سورج کے ساتھ ساتھ حرکت کر رہا ہوتا ہے دوسرے دن پھر صاف دکھائی دیتا ہے ایک ہفتہ بعد آدھا اور دو ہفتہ کا چاند پورا ہو جاتا ہے اور دنوں میں پہلے والی حالت ہو جاتی ہے ۔

ارضِ وسماں۔ کارڈ نمبر: 173

سوال:۔ پہاڑ کیسے بنے ؟



ارضِ وسماں:۔ کارڈ نمبر: 173





جواب :۔ کچھ پہاڑ زمین کی تہہ کے بند ہو جانے سے بنے۔ کچھ زمین کی تہہ کے ٹوٹ جانے اور کچھ لاوا اور راکھ سے بنے جو آتش فشاں پہاڑ کے ٹھنڈا ہونے سے بنے ہیں۔

ارض و سماء


کارڈ نمبر 174

سوال :۔ تارے آسمان سے کیوں نہیں گرتے ؟



ارض و سماء

کارڈ نمبر 174



جواب :۔ زمین کی کشش ثقل کی وجہ سے چیزیں زمین کی طرف گرتی ہیں۔ یعنی زمین ان چیزوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے تاروں کے کھینچنے کی طاقت بھی بہت زیادہ ہے لیکن تاروں اور زمین کے درمیان فاصلہ بہت زیادہ ہے اور زمین تاروں کو اپنی طرف نہیں کھینچ سکتی اسلئے تارے آسمان سے نہیں گرتے ۔